| 5 | Sanaullah Aman | DDG (Works) | GK-368 | Suzuki Jimni Jeep |
| 6 | Nadeem Akbar Malik | Secretary CDA Board | GB-046 | Suzuki Cultus Car |
| 7 | Gul Hussain Khan | Director Admin | GG-003 | Sentro Car |
| 7 | Gulzar Hamid | Director OWO | GJ-842 | Suzuki Cultus Car |
| 8 | Shafi ur Rehman | Director Staff | IDH-407 | Toyota PU D/ Cabin |
| 9 | Habib ur Rehman | Director (Law) | IDH-3804 | Toyota PU D/ Cabin |
| 10 | Dr. Faisal Awan | Director PMO | GH-248 | Mit: Pick Up D/Cabin |
| 11 | Rawal Khan Afzal | Director Public Relation | GB-048 | Suzuki Cultus Car |
| 12 | Malik Aslam Khan | Director (Regional) East | IDF-7934 | Toyota PU D/ Cabin |
| 13 | Iftikhar Ahmed | Director (West) East | IDG-849 | Toyota PU D/ Cabin |
| 14 | Rao Muhammad Iqbal | Director (East) East | IDG-7372 | Toyota PU D/ Cabin |
| 15 | Malik Abid | Director (Parks) | GS-011 | Toyota PU D/ Cabin |
| 16 | Raja Javed Iqbal | Director Zoo | GB-031 | Sentro Car |
| 17 | Cap. Faiz Muhammad | Director Enforcement | GJ-915 | Cultus Car |
| 18 | Khan Muhammad Sethar | Director E&M Maint. | IDG-8529 | Suzuki Margalla Car |
| 19 | Malik Zafar Iqbal | Director Security | GK-073 | Toyota PU D/ Cabin |
| 20 | Khalid Muhammad Mirza | Director EM II | IDH-1862 | Toyota PU D/ Cabin |
| 21 | Muhammad Irfan | Director MPO | GK-409 | Nissan PU D/Cabin |
| 22 | Syed Iftikhar Hussain Shah | Director FM I | IDG-8534 | Suzuki Margalla Car |
| 23 | Ali Anwar Gopang | Dir Parliament Lodges | IDB-2181 | Mit: Pejaro Jeep |
| 24 | Naeem Iqbal Dogar | Director P&E | GH-090 | Sentor Car |
| 25 | Ch. Asadullah Lak | Director Land | GJ-989 | Suzuki Cultus Car |
| 26 | Amir Bukhsh Baloch | Director Mkt | GD-555 | Sentro Car |
| 27 | Malik Murtaza | Dir Building Control | GD-699 | Sentro Car |
| 28 | Mumtaz Ali Bhatti | Dir A I | GG-078 | Sentro Car |
| 29 | Qazi Inam ur Rehman | Director Revenue | GF-029 | Sentro Car |
| 30 | Imran Shah | Director Audit | GH-089 | Sentor Car |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 31 | Fazal-e-Akbar | Director CDA | IDG-9218 | Toyota PU D/Cabin |
| 32 | Najma Azhar | Director HRD | GC-028 | Cultus Car |
| 33 | Ayub Tariq | Director RP | GJ-936 | Cultus Car |
| 34 | Sarwar Sindho | Director UP | GH-010 | Mit: Pick Up D/Cabin |
| 35 | Ibrar Shah | Dir Parliament House | IDE-7302 | Toyota PU D/ Cabin |
| 36 | Amir Akbar Farooqi | Director Aiwan-e-Sadr | GA-066 | Cultus Car |
| 37 | Najeebullah | Dir Roads Maint: & Mat. | IDG-673 | Toyota PU D/ Cabin |
| 38 | Agha M. Azam | Director C.E. (Lab) | GJ-911 | Cultus Car |
| 39 | Shahid Mehmood | Dir: BW Management. | GG-034 | Sentro Car |
| 40 | Amin Khan | Director Law (Op) | GJ-077 | Sentro Car |
| 41 | Shakeel Ahmed Khan | Director E & M Dev | IDH-2024 | Kia Jeep |
| 42 | Aia-ur-Rehman Toor | DFA-II | GK-512 | Suzuki Cultus Car |
| 43 | Muhammad Saeed | DHS | GD-677 | Sentro Car |
| 44 | Dr. Muhammad Kamal | Director CH | GD-688 | Sentro Car |
| 45 | Hasan Mehmood Malik | Director Academy | GD-556 | Sentro Car |
| 46 | Abdul Ghfoor Ch | Director CDA | GB-032 | Sentro Car |
| 47 | Malik Shabbir | Director Barthaam Proj | GK-037 | Cultus Car |
| 48 | Sohail Ehsan | Director Special Project | IDH-4382 | Margalla Car |
| 49 | Khalil Ahmed Soomro | Director Sanitation | GK-732 | Mehran Car |
| 50 | Naseem Zafar | Director Arch (Sewarge) | GG-914 | Kalam Van |
| 51 | Muhammad Razzaq Kiyani | DD Security | IDD-9757 | Toyota Jeep |
| 52 | Dr. Mehmood Arshad | DD HS | GG-934 | Kalam Van |
| 53 | Malik Ashrf | CCO | IDF-2305 | Suzuki Van |
| 54 | Shahwar Syed | DD (PR) | GA-035 | Mehran Car |
| 55 | Muhammad Qasim | DD (Admin) | GK-808 | Mehran Car |
| 56 | Riaz Mehmood Randhawa | DD HRD | GK-872 | Mehran Car |
| 57 | Iqbal Afridi | DD CH | GF-072 | Kalam Van |
| 58 | Fayyaz Lodhi | DD CH | GG-986 | Kalam Van |
| 59 | Saqib Majeed Malik | SSM | GK-789 | Cultus Car |
| 60 | Saeed Ahmed Cheema | DD EM II | IDG-8213 | S/Pohotor Jeep |
| 61 | Jabbir Khan | DD BWM | GK-128 | Cultus Car |
| 62 | Asif Ali Quarshi | DD Revenue (Res) | GK-714 | Mehran Car |
| 63 | Malik Iqbal | DD Revenue (Comm) | GB-039 | Mehran Car |
| 64 | Roshan Khan Jonejo | DD S/Light | GD-690 | Sentro Car |
| 65 | Qazi Khalik | DD S Light | GS-350 | Mehran Car |
| 66 | Altaf Khan | DD Sports Culture | GK-109 | Cultus Car |
| 67 | Sallah Muhammad | Director W [illegible] (DCO) | GB-017 | Cultus Car |
| 68 | Muhammad Iqbal [illegible] | DDG Planning | IDG-6067 | Khyber Car |
| 69 | Ashique Ali Qaisrani | Addl. Director Planning | GK-728 | Mehran Car |
| 70 | Tahir Rameez | Director Architecture | GD-784 | Sentro Car |
| 71 | Fida Hussain | Director Structure | GD-678 | Sentor Car |
| 72 | Waqar Ahmed | Director Sports Culture | IDF-6554 | Toyota Pk Up D/Cabin |
| 73 | Mr. Shoukat Hayat | Director Water Supply | GD-037 | Sentro Car |
| 74 | Syed Badshah Mahood | Dy Director E & M | GK-952 | Mehran Car |

| | |
|---|---|
| Cat I Vehicles | 09 |
| Cat II Vehicles | 53 |
| Cat III Vehicles | 48 |
| Total | 110 |

Annex-B

# CAPITAL DEVEOLOPMENT AUTHORITY
## (Directorate of Administration)
## Transport Cell

## LIST OF CAT-III VEHCIELS IN CDA.

| S.# | Regd: # | Type of Vehicle |
|---|---|---|
| | | **CHAIRMAN SECTT** |
| 1 | GJ-942 | Suzuki Cultis Car |
| 2 | GK-707 | Suzuki Cultis Car |
| 3 | GK-731 | Suzuki Mehran Car |
| 4 | IDF-8233 | Toyota Pickup D/Cabbin |
| 5 | GK-722 | Toyota Carrolla Car |
| | | **Public.Ralation Dte** |
| 6 | GF-028 | Kalam Van |
| | | Security Dte |
| 7 | GJ-913 | Suzuki Cultis Car |
| 8 | GK-963 | Suzuki Mehran Car |
| 9 | GH-194 | Shahzore Pickup |
| | | **HRD Dte** |
| 10 | GK-734 | Suzuki Mehran Car |
| 11 | GJ--901 | Kalam Van |
| | | **Administration Wing** |
| 12 | IDH1863 | Toyota Pick Up D/Cabin |
| 13 | GA-039 | Suzuki Mehran Car |
| 14 | GB-038 | Suzuki Mehran Car |
| 15 | GH-104 | Kalam Van |
| 16 | GH-105 | Kalam Van |
| 17 | GS-357 | Mistubishi Pickup S/cabin |
| 18 | GH-093 | Kalam Van |
| | | **Engineering wing** |
| 19 | GAH-6059 | Suzuki Mehran Car |
| | | **Sport/Culture Dte** |
| 20 | GK-240 | Shahozre Pickup |
| 21 | GK-241 | Shazore Pickup |
| 22 | GS-304 | Suzuki Pickup |
| 23 | GS-305 | Suzuki Pickup |
| | | **Project Mamagement Office** |
| 24 | GD-909 | Land Rover Defender |
| 25 | GA-660 | Chevrolet Black |
| 26 | GE-931 | Santro Car |
| 27 | GH-246 | Changan D/Cabin |
| 28 | GH-247 | Chana |
| 29 | GA-661 | Chevrolet White |
| | | **Land Dte** |
| 30 | GH-193 | Santro Car |
| 31 | GG-011 | Kalam Van |
| 32 | GK-384 | Toyota Pickup D/Cabbin |
| 33 | GK-083 | Toyota Pickup D/Cabbin |

| | | |
|---|---|---|
| 34 | GK-624 | Toyota Pickup D/Cabbin |
| 35 | GK-623 | Toyota Pickup D/Cabbin |
| 36 | IDF-8244 | Toyota Pickup D/Cabbin |
| 37 | GK-082 | Toyota Pickup S/Cabin |
| 38 | GK-083 | Toyota Pickup S/Cabin |
| 39 | GK-084 | Toyota Pickup S/Cabin |
| 40 | GK-085 | Toyota Pickup S/Cabin |
| 41 | GK-086 | Toyota Pickup S/Cabin |
| | | **Estate Wing** |
| 42 | GH-094 | Kalam Van |
| | | **Estate Management Dte-I** |
| 43 | GH-824 | Kalam Van |
| 44 | IDG- | Suzuki Khyber Car |
| | | **Estate Management Dte-II** |
| 45 | GJ-891 | Suzuki Cultas Car |
| | | **Enforcement Dte** |
| 46 | GJ-086 | Cheeta pickup D/Cabin |
| 47 | GF-026 | Kalam Van |
| 48 | IDA-7683 | Toyota pickup D/Cabin |
| 49 | IDE-2812 | Toyota Pickup S/Cabin |
| 50 | GF-060 | Kalam Ambulance |
| 51 | IDE-7936 | Toyota pickup D/Cabin |
| 52 | GT-138 | Toyota Pickup S/Cabin |
| 53 | GT-139 | Toyota Pickup S/Cabin |
| 54 | GT-140 | Toyota Pickup S/Cabin |
| 55 | | Shazore Pickup |
| 56 | | Shazore Pickup |
| 57 | | Shazore Pickup |
| | | **Branch Audit Office** |
| 58 | GG-079 | Santro Car |
| 59 | IDG-6070 | Suzuki Mehran Car |
| | | **Interial Audit Dte** |
| 60 | IDE-5477 | Suzuki Sedawn Car |
| 61 | IDE-5476 | Suzuki Summeri Jeep |
| | | **Accounts Dte** |
| 62 | GF-069 | Kalam Van |
| | | **Revenue Dte** |
| 63 | GG-926 | Kalam Van |
| | | **Director Regulation** |
| 64 | GG-977 | Kalam Van |
| 65 | | **Law (Opion) Dte** |
| 66 | GG-070 | Kalam Van |
| | | **Law Dte** |
| 67 | IDH-2461 | Suzuki Margalla Car |
| 68 | GK-735 | Suzuki Mehran Car |
| | | **D.M.A Dte** |
| 69 | GF-245 | Toyota pickup D/cabbin |
| 70 | GK-248 | Mitsubishi D/Cabin |
| 71 | GK-249 | Mitsubishi D/Cabin |
| 72 | GK-250 | Mitsubishi D/Cabin |
| 73 | IDF-8624 | Mitsubishi Pajaro Jeep |
| 74 | IDF-8625 | Mitsubishi Pickup S/cabin |

| | | |
|---|---|---|
| 75 | IDF-8627 | Mistubishi Pickup S/cabin |
| 76 | IDE-8219 | Toyota Land Cursier |
| 77 | GK-395 | Mitsubishi Ambulance |
| 78 | GK-396 | Mitsubishi Ambulance |
| 79 | GF-074 | Mitsubishi Ambulance |
| 80 | GB-079 | Suzuki Van |
| 81 | GF-963 | Mitsubishi Ambulance |
| 82 | GH-179 | Shahzore Pickup |
| 83 | GH-178 | Shahzore Pickup |
| 84 | GA-097 | Suzuki Pickup |
| 85 | GF-073 | Mitsubishi Ambulance |
| | | **Planning Wing Dte** |
| 86 | GA-035 | Suzuki Mehran Car |
| 87 | GF-067 | Kalam Van |
| 88 | IDC-2858 | Suzuki Mehran Car |
| 89 | GF-097 | Kalam Van |
| 90 | GF-025 | Kalam Van |
| 91 | IDG-4482 | Suzuki Pothar Jeep |
| 92 | GK-728 | Suzuki Mehran Car |
| 93 | GH-134 | Kalam Van |
| 94 | IDH-4508 | Suzuki Pothar Jeep |
| | | **C.E Lab Dte** |
| 95 | IDB-2679 | Suzuki Jeep |
| 96 | GG-091 | Kalash Pickup |
| 97 | GH-245 | Kalam Van |
| 98 | GG-094 | Shahzore Pickup |
| | | **Market & Road (Maint)** |
| 99 | GH-045 | Kalash Pickup |
| 100 | GH-177 | Kalash Pickup |
| 101 | GH-251 | Kalash Pickup |
| 102 | GH-996 | Kalam Van |
| 103 | GH-046 | Kalash Pickup |
| 104 | GH-032 | Kalam Van |
| 105 | GH-059 | Kalash Pickup |
| 106 | GH-104 | Kalash Pickup |
| | | **Road Dte (South)** |
| 107 | IDD-4247 | Suzuki Mehran Car |
| 108 | IGF-023 | Kalash Pickup |
| 109 | IGJ-096 | Kalash Pickup |
| | | **BCS-I & II Dte** |
| 110 | GG-017 | Kalam Van |
| 111 | GG-963 | Kalam Van |
| 112 | GG-046 | Kalam Van |
| | | **E/M Maint Dte** |
| 113 | GJ-689 | Kalam Van |
| 114 | GJ-688 | Kalash Pickup |
| 115 | GJ-687 | Kalash Pickup |
| 116 | GJ-778 | Kalash Pickup |
| 117 | GJ-781 | Kalash Pickup |
| 118 | GJ-779 | Kalash Pickup |
| 119 | APE-2008 | Kalash Pickup |
| | | **E&M (Development) Dte** |

| | | |
|---|---|---|
| 120 | GA 031 | Suzuki Mehran Car |
| 121 | GF-059 | Kalam Van |
| 122 | GG-990 | Kalam Van |
| 123 | GG-005 | Kalam Van |
| 124 | IDH-3854 | Suzuki Van |
| 125 | GG-005 | Kalam Van |
| 126 | GG-990 | Kalam Van |
| | | **STP Dte** |
| 127 | JU-984 | Toyota Carrolla Car |
| 128 | JV-917 | Suzuki Cultas Car |
| 129 | JU-983 | Suzuki Cultas Car |
| | | **W & S (Dev) Dte** |
| 130 | GH-144 | Kalash Pickup |
| | | **Water Supply Dte** |
| 131 | GG-924 | Kalam Van |
| 132 | GA-054 | Pickup |
| 133 | GH-089 | Pickup |
| 134 | GA-053 | Pickup |
| 135 | GA-152 | Pickup |
| 136 | GA-686 | Pickup |
| | | **Water Production-I** |
| 137 | GH-101 | Shozare Pickup |
| 138 | GG-998 | Shozare Pickup |
| 139 | GG-019 | Kalash Pickup |
| 140 | GH-102 | Shozare Pickup |
| 141 | IDE-9748 | Toyota Pickup D/Cabbin |
| | | **Water Production-II** |
| 142 | GK-128 | Suzuki Cultus Car |
| 143 | GH-151 | Shahzore Pickup |
| 144 | GF-041 | Kalash Pickup |
| 145 | GG-962 | Kalash Pickup |
| 146 | GG-041 | Kalash Pickup |
| 147 | GG-042 | Kalash Pickup |
| 148 | IDH-1481 | Toyota Pickup S/Cabin |
| 149 | IDC-6497 | Rocky Jeep |
| | | **Maintenance Dte** |
| 150 | IDC-3257 | Suzuki Mehran Car |
| | | **Awian-e-Sadr Dte** |
| 151 | GH-166 | Suzuki Van |
| 152 | GH-165 | Suzuki Van |
| | | **D.G Works** |
| 153 | IDE-1752 | Suzuki Van |
| | | **Works Directorate** |
| 154 | GF-098 | Kalam Van |
| | | **Special Project Dte** |
| 155 | GF-031 | Suzuki Van |
| | | **Capital Hospital** |
| 156 | IDA-193 | Ford Ambulance |
| 157 | IDE-2841 | T/Hiace Ambulance |
| 158 | IDE-1865 | T/Hiace Ambulance |
| 159 | GD-544 | T/Hiace Ambulance |
| 160 | GD-910 | T/Hiace Ambulance |

| | | |
|---|---|---|
| 161 | GA-358 | Mitsubishi Ambulance |
| 162 | GF-056 | Kalash Pickup |
| | | **D.G Services Dte** |
| 163 | IDE-8802 | Suzuki Van |
| | | **Health Services Dte** |
| 164 | GH-182 | Shahzore Pickup |
| 165 | GH-183 | Shahzore Pickup |
| | | **Environment Wing** |
| 166 | GD-557 | Santro Car |
| 167 | GD-959 | Suzuki Cultis Car |
| 168 | GK-691 | Suzuki Pickup |
| 169 | IDE-2796 | Toyota Pickup |
| 170 | GJ-961 | Suzuki Cultis Car |
| 171 | GJ-958 | Suzuki Cultis Car |
| 172 | GG-557 | Santro Car |
| 173 | GC-029 | Suzuki Cultis Car |
| 174 | GG-925 | Kalam Van |
| 175 | GG-096 | Kalam Van |
| 176 | GF-021 | Kalam Van |
| 177 | GH-180 | Kalam Van |
| 178 | GD-006 | Suzuki Van |
| 179 | GD-906 | Suzuki Van |
| 180 | GC-090 | Potohar Jeep |
| 181 | GA-264 | Potohar Jeep |
| 182 | GA-038 | Mehran Car |
| 183 | GC-046 | Suzuki Auto Car |
| 184 | GK-691 | Kalam Van |
| 185 | IDG-7472 | Toyota Pickup S/Cabin |
| 186 | IDE-2796 | Toyota Pickup S/Cabin |
| 187 | GH-139 | Shahzore Pickup |
| 188 | GH-180 | Kalam Van |
| 189 | IDE-6457 | Toyota Pickup S/Cabin |
| 190 | IDE-7341 | Toyota Pickup S/Cabin |
| 191 | IDE-6458 | Toyota Pickup S/Cabin |
| 192 | GF-051 | Shahzore Pickup |
| 193 | GF-502 | Shahzore Pickup |
| 194 | GF-503 | Shahzore Pickup |
| 195 | GF-504 | Shahzore Pickup |
| 196 | GH-139 | Shahzore Pickup |
| 197 | NEW | Shahzore Pickup |
| | | **MPO Dte** |
| 198 | GH-254 | Kalam Van |
| 199 | GH-255 | Shahzore Pickup |
| 200 | GH-256 | Shahzore Pickup |
| 201 | GH-257 | Shahzore Pickup |
| 202 | GA-033 | Suzuki Mehran Car |
| 203 | GK-872 | Suzuki Mehran Car |
| | | **CDA Model School** |
| 204 | IDG-4908 | Mitsubishi Coster |
| 205 | IDG-4521 | Mitsubishi Coster |
| 206 | IDF-4592 | Hino Coster |
| | | **(Coord) P/H Dte** |

| | | |
|---|---|---|
| 207 | IDF-2368 | Suzuki Van |
| | | **Directorate P/L & Hostel** |
| 208 | IDH-4061 | Suzuki Mehran Car |
| | | **Sanitation Dte** |
| 209 | IDE-4527 | Toyota Pickup S/Cabin |
| 210 | GD-907 | Suzuki Van |
| 211 | GS-374 | Suzuki Van |
| 212 | GS-375 | Suzuki Van |
| 213 | GS-376 | Suzuki Van |
| 214 | GS-377 | Suzuki Van |
| 215 | GA-966 | Suzuki Pickup |
| 216 | GB-040 | Suzuki Pickup |
| 217 | GK-813 | Suzuki Mehran Car |
| 218 | GG-967 | Kalash Pickup |
| 219 | GG-966 | Kalash Pickup |
| 220 | GG-939 | Kalash Pickup |
| 221 | GG-970 | Kalash Pickup |
| 222 | GS-338 | Shahzore Pickup |
| 223 | GS-339 | Shahzore Pickup |
| 224 | GS-340 | Shahzore Pickup |
| 225 | GS-341 | Shahzore Pickup |
| 226 | IDG-7960 | Suzuki Khyber |
| 227 | IDD-8250 | Suzuki khyber |

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: جناب ہمارے بڑے محترم اور very youngest Minister فاروق نائک صاحب ہیں اور یہ ہمارے بہت اچھے دوست ہیں۔ میرا سوال یہ تھا کہ موجودہ وقت میں سی ڈی اے کے پاس بقیہ گاڑیوں کی تفصیلات اور ان افراد کے نام ہوتے جو ان گاڑیوں کو use کرتے ہیں۔ جناب یہ جو انہوں نے لسٹ دی ہے۔ آپ کی معلومات کے مطابق جو rule کے مطابق 20 grade کے افسروں کی entitlement ہوتی ہے گاڑی use کرنے کی یعنی J.S کو لیکن یہاں کی لسٹ میں' میں دیکھ رہا ہوں کہ اٹھارہ گریڈ کے لوگ بھی گاڑیاں use کر رہے ہیں۔ ان individuals کے پاس گاڑیاں ہیں یعنی ان کی صوابدید پر ہیں اور یہ بھی وزیر صاحب بتائیں کہ ان کو fuel کتنا allow ہے اور اس میں ان کی repair پر کتنا خرچہ آیا ہے۔

دوسرا annexure-B جو انہوں نے دیا ہے کہ چیئرمین کے سیکریٹریٹ میں جو پانچ گاڑیاں ہیں وہ کہاں use کرتے ہیں؟ باقی جو لمبی لسٹ ہے اور آخر میں جو 27 گاڑیاں جنرل ڈیوٹی کے لیے مختص ہیں۔ جنرل ڈیوٹی کے لیے جو اتنی گاڑیاں ہیں وہ کہاں استعمال ہوتی ہیں اور اس غریب ملک میں اگر اتنی عیاشیاں سی ڈی اے افسران کرتے ہیں اور دوسرے محکموں کے انیس' بیس گریڈ کے افسروں کے پاس گاڑیاں نہیں ہیں تو یہ difference کیا ہے؟ یہ جو اتنی گاڑیاں ہیں ان کے استعمال کے بارے یہ کس طرح مجھے مطمئن کریں گے؟

جناب قائم مقام چیئرمین: جی نائک صاحب۔

سینیٹر فاروق حامد نائک (وفاقی وزیر برائے قانون و پارلیمانی امور): شکریہ جناب چیئرمین۔ Honourable member ڈاکٹر بلیدی صاحب کا جو سوال تھا It is concerning the vehicles which are available with the CDA. میں آپ کو بتا دوں کہ There are three types of vehicles. مطلب تین categories ہیں one, two and three. vehicles جو الاٹ ہوئی ہیں BS-20 کے افسران اور اس کے اوپر والوں کو وہ category-1 کے اندر ہیں اور ان سے کوئی deduction conveyance allowance کے طور پر نہیں کی

جاتی۔ اس ضمن میں آپ نے دیکھا ہوگا Category-1 کے اندر نو اشخاص کے نام ہیں جن کو یہ گاڑیاں دی گئی ہیں۔ اس کے بعد

There is category-2 which are allocated to officers of BS-19 and some Field Officers of BS-18 keeping in view the nature of job, subject to deducion of Conveyance allowance and an extra amount of Rs. 750 per month as per decision of the Board of CDA from time to time.

جناب قائم مقام چیئرمین: ولی بادینی صاحب! across the chair گپ شپ نہ کریں۔ سراج شمس الحسن صاحب کو ادھر لے جائیں اور وہاں جا کے بات کر لیں۔

سینیٹر فاروق حامد نائک: اس category-III کی لسٹ بھی بتائی گئی ہے اور جہاں تک category-III ہے یہ pool کے اندر گاڑیاں ہوتی ہیں category-II میں جو سی ڈی اے پول ہے اس میں یہ catering ہوتی ہیں اور Field Officers ان کو استعمال کرتے ہیں for the purposes of official duties only. اگر honourable member صاحب کی کوئی شکایت ہے کسی گاڑی کے بارے میں یا کسی officer کے بارے میں تو وہ pin-point کریں then accordingly action will be taken as per rules and the regulations of the CDA. Thank you.

Mr. Acting Chairman: Thank you, Ismail Buledi Sahib. آپ کی تشفی ہو گئی ہے کیونکہ وہ جو آپ کا fresh question ہے کہ تیل کے اخراجات، maintenance کے اخراجات ان پر fresh question آئے گا۔ اس پر آپ fresh question کر دیں تو معلومات منگوا لیں گے۔ Thank you very much. جی حاجی عدیل صاحب۔

سینیٹر حاجی محمد عدیل: ہماری بڑی خوش قسمتی ہے کہ ہمارے وزیر اعظم آج پہلی مرتبہ سینیٹ میں تشریف لائے ہیں۔ ہم ان کو welcome کہتے ہیں۔ ہم شناخت کرانا چاہتے ہیں کہ ہم آپ کے سو سینیٹر ہیں جو اس ہاؤس کے ممبران ہیں۔ ہماری خوش قسمتی ہے کہ آپ کی وجہ سے ہمارے بہت سارے وزیر آج یہاں بیٹھے ہوئے ہمیں نظر آ رہے ہیں اور وہ fully make

up میں ہیں چاہے وہ male ہیں female ہیں۔ Thank you۔جی۔

Mr. Acting Chairman: Question No. 38, Dr. Ismail Buledi Sahib.

38. * **Dr. Muhammad Ismail Buledi:**

*Will the Minister Incharge of the Cabinet Division be pleased to state the details, of appointments made in the CDA during the last five years with grade-wise and province-wise break up?*

**Minister Incharge of the Cabinet Division:** 3508 persons were appointed in CDA during the last five years (2003-2008) through advertisement and due process. The details are annexed.

Persons appointed in CDA during the last five years and provincial break - up

Annexure

| S.No. | BPS | Punjab | Sindh (R) | Sindh(U) | NWFP | Baluchistan | FATA | NA | AJK | Total |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 19 | 5 | | 1 | 2 | | | | | 8 |
| 2 | 18 | 5 | 1 | 1 | | | | | | 7 |
| 3 | 17 | 54 | 9 | 6 | 17 | | 3 | 2 | 3 | 94 |
| 4 | 16 | 100 | 10 | 14 | 21 | 4 | 1 | 2 | 1 | 153 |
| 5 | 15 | 24 | 2 | 2 | 3 | 1 | 1 | | | 33 |
| 6 | 14 | 12 | 1 | 2 | 5 | | | | | 24 |
| 7 | 13 | 3 | | | | | | | | 3 |
| 8 | 12 | 22 | 7 | 3 | 6 | 2 | 2 | 4 | 1 | 47 |
| 9 | 11 | 77 | 19 | 9 | 30 | 5 | 3 | 1 | 2 | 146 |
| 10 | 10 | 21 | 1 | 2 | 6 | | 1 | | 1 | 32 |
| 11 | 9 | 75 | 14 | 2 | 28 | 3 | 2 | | 2 | 126 |
| 12 | 8 | 72 | 18 | 5 | 18 | 3 | 1 | 5 | 3 | 125 |
| 13 | 7 | 65 | 11 | 7 | 19 | 3 | 4 | 2 | 3 | 114 |
| 14 | 6 | 132 | 36 | 9 | 32 | 3 | 8 | 2 | 5 | 227 |
| 15 | 5 | 473 | 34 | 27 | 107 | 5 | 14 | 7 | 12 | 679 |
| 16 | 4 | 205 | 24 | 18 | 54 | 9 | 2 | 22 | 9 | 343 |
| 17 | 3 | 20 | 2 | | 3 | | | | | 25 |
| | | 1369 | 189 | 108 | 351 | 38 | 42 | 47 | 42 | 2186 |
| 18 | 2 | Local | | | | | | | | 90 |
| 19 | 1 | Local | | | | | | | | 1232 |
| | | | | | | | | | | |
| Grand | Total | 1369 | 189 | 108 | 351 | 38 | 42 | 47 | 42 | 3508 |

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: جیسا کہ ہمارے حاجی عدیل صاحب نے کہا کہ تین چار sessions میں ہم وزیر اعظم پاکستان کے سینیٹ میں آمد کے منتظر تھے۔ سینیٹ ہمارا ایوان بالا ہے۔ اس میں ان کا آنا بہت ضروری تھا لیکن دیر آید درست آید۔ ہم ان کو welcome کہتے ہیں اور ہم سمجھتے ہیں کہ ہر اجلاس میں جیسے کہ وہ نیشنل اسمبلی میں جاتے ہیں اور وہاں پر Question Hour بھی attend کرتے ہیں۔ ہمارے لیے یہ بڑے فخر کی بات ہوگی کہ وہ ادھر بھی آ کر Ministers کو watch کریں۔ پھر وہ یہاں ان کی وجہ سے آئیں گے۔ وہ جواب بھی صحیح دیں گے۔ سینیٹ بھی مطمئن ہوگا۔ ہم ان کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ آج وہ تشریف لائے اور ہم یہ توقع کرتے ہیں کہ وہ آئندہ بھی آیا کریں گے۔

باقی یہ میرا question ہے۔ میں نے کہا ہے کہ سی ڈی اے میں گزشتہ پانچ سالوں کے دوران کتنی بھرتیاں grade-wise and province-wise ہوئی ہیں؟

جناب چیئرمین! وزیر اعظم صاحب بھی بیٹھے ہوئے ہیں۔ میں وزیر اعظم کی توجہ بھی یہاں مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ یہاں 19 گریڈ میں بلوچستان کا کوئی نہیں، 18 گریڈ میں بلوچستان نہیں، 17 گریڈ میں بلوچستان کا کوئی نہیں، 16 گریڈ میں بلوچستان ہے، پندرہ میں ایک ہے اور چودہ میں نہیں، تیرہ میں نہیں، بارہ میں دو اور اسی طرح چپڑاسی کی پوسٹ میں چوکیدار کے نو اور Sweeper کے پانچ ہیں۔

میں سمجھتا ہوں کہ جناب وزیر اعظم صاحب نے حکومت آنے کے بعد جو وعدہ کیا تھا کہ ساٹھ سال سے بلوچستان کے ساتھ جو زیادتی ہوئی ہے ہم اس کا ازالہ کریں گے۔ ابھی جو Establishment Division نے 350 پوسٹوں کے اشتہارات دیئے ہیں بلوچستان کے، وہ بھی چپڑاسی، چوکیدار، کلرک کے ہیں۔ ان میں کوئی سترہ، اٹھارہ یا پندرہ گریڈ کی پوسٹ نہیں ہے۔ وہ اشتہار مجھے ساتھ لانا چاہیے تھا کہ وزیر اعظم کے سامنے میں اس کو پھاڑ کر پھینک دوں۔

میں وزیر اعظم سے درخواست کرتا ہوں کہ اگر آپ بھائی کے طور پر ہمیں تسلیم نہیں کریں گے as a sister پاکستان میں آپ کو تسلیم کرنا پڑے گا۔ صوبوں میں آپ دیکھیں کہ ہمارا کوئی افسر نہیں ہے۔ آیا بلوچستان پاکستان کا حصہ نہیں ہے۔ لہٰذا آج میں اس سے فائدہ اٹھاتے

ہوئے عرض کرتا ہوں کہ آپ کے جو منسٹرز ہیں ' وزیر اعظم صاحب ان کو order دیں گے کہ یہ زیادتی آپ one month میں cover کرکے بلوچستان والوں کو بتا دیں کہ بلوچستان کا جو معاملہ ہے اس کا ہمیں انتظار ہے۔ لہذا وزیر اعظم صاحب کو موقع دیں کہ اس issue پر وہ خود بات کریں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: وزیر اعظم صاحب سن رہے ہیں۔ انشاء اللہ ' میرا خیال ہے کہ آپ کے دو تین ممبرز ہیں کیونکہ آپ کے PM صاحب پہلی دفعہ آئے تو وہ بات کرنا چاہتے ہیں۔ اسی سوال پر آپ کرنا چاہتے ہیں۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: میں اس کےعلاوہ بات کروں گا۔ جناب چیئرمین صاحب! آج وزیر اعظم صاحب یہاں بیٹھے ہیں۔ ۱۹ اگست کو ایجنسی والے ۸ لوگوں کو اٹھا کر لے گئے تھے اور 29/30 اگست کو چار لوگوں کو انتہائی شدید زخمی حالت میں واپس پھینک گئے اور وہاں پر ہمارا جو منسٹر ہے اس کے علم میں بھی ہم لائے ہیں۔ ان میں ایک کانسٹیبل ہے۔ باقی تین لوگ ڈرائیور یا کنڈیکٹر ہیں اور چونکہ وزیر اعظم صاحب بیٹھے ہوئے ہیں تو ان کو بتا دوں کہ ان میں تین پیپلز پارٹی کے ووٹر بھی ہیں۔ آج تک اس سلسلے میں کچھ ہوا ہے۔ وہ آج تک ہسپتال میں پڑے ہوئے ہیں۔ پیشاب کے ساتھ خون آ رہا ہے۔ ان میں سے ایک انتہائی serious حالت میں ہے۔ تو ہمیں یہ کہا جاتا ہے کہ آپ کے معاملات کو redress کر رہے ہیں۔ آٹھ لوگوں میں سے چار لوگ recover ہوئے ہیں۔ Recover کس طرح سے ہوئے ہیں کہ ان کو سڑک پر پھینک دیا گیا ہے اور وہ ہسپتال میں پڑے ہیں تو وزیر اعظم صاحب اس بات کا notice لیں۔ چار میں سے تین لوگ ان کے اپنے ووٹرز ہیں۔ میرے ووٹر نہیں ہیں۔ شکریہ۔

جناب قائم مقام چیئرمین: ووٹر نہیں' پاکستانی شہری ہیں ' انسان ہیں ان کا جائز حق ہے۔ ان کو انصاف ملنا چاہیئے۔ جی بگٹی صاحب ' بلوچستان پر پہلے سوال کرکے پھر I will give the floor after this to the honourable Prime Minister. وہ بلوچی میں کہتے ہیں کہ حال احوال کریں۔ جی۔

سینیٹر شاہد حسن بگٹی: جناب چیئرمین صاحب! یہ CDA کی جو لسٹ یہاں پر چھپی

ہے regarding appointment in the CDA اس کو بھی ذرا دیکھ لیں تو وہی بات آ جاتی ہے جو یہاں پر جناب محترم احمد مختار صاحب نے کی کہ چوکیداری آپ کو چاہیے تو چوکیداری آپ لے لیں۔ جناب! اللہ نے اس کو بہت بڑا شخص بنایا ہے۔ Service industry کے مالک ہیں۔ چوکیداری کی ان کے سامنے کوئی حیثیت نہیں ہے لیکن یہ بھی ان کی مہربانی ہے کہ اگر وہ بلوچستان کی جھولی میں چوکیداری ڈالنے کے لیے آمادہ ہیں تو بات جیسے میں نے پہلے کہی ہے کہ بات attitude کی ہے اور اب اس لسٹ کو بھی آپ دیکھ لیں کہ out of 3508 only 38 are from Balochistan اور وہ سارے low categories میں آتے ہیں۔اب چونکہ پرائم منسٹر صاحب پہلی مرتبہ اس ہاؤس میں آئے ہیں۔ جیسے بلیدی صاحب نے کہا کہ" دیر آید درست آید" ہمیں بڑی تمنا تھی، ہم ہمیشہ انتظار کرتے رہتے تھے کہ Lower House میں آئے ہیں تو شاید یہاں بھی تشریف لائیں گے anyway جناب ہم ان کو welcome کرتے ہیں لیکن جناب والا! میں نے اس ہاؤس میں ایک دو دفعہ بلوچستان پر بات کرتے ہوئے رضا ربانی صاحب کو مخاطب کرتے ہوئے ان سے یہ request کی تھی کہ جس طریقے سے ہمارے honourable Prime Minister صاحب نے oath اٹھانے سے پہلے قومی اسمبلی میں judiciary کے ججز کی رہائی کا اعلان کیا تھا تو میں نے یہ کہا تھا کہ کیا یہ اچھا نہیں ہوگا، یہ زخموں کو بھرنے کے لیے ایک initiative ہوگا کہ اگر honourable Prime Minister اس ہاؤس میں آ کر بلوچستان میں جاری فوجی آپریشن بند کرنے کا اعلان کریں لیکن وہ تو اب تک نہیں ہوا ہے لیکن آپ کے علم میں ہوگا ظاہر ہے کہ پرائم منسٹر صاحب، منسٹرز اور سینیٹرز دوستوں کے علم میں ہوگا اور کل سے News flash ہو رہی ہے کہ بلوچستان میں جو مزاحمت کی organizations ہیں انہوں نے یک طرفہ طور پر تمام کارروائیاں بند کرنے کا اعلان کیا ہے تو میں آج امید کرتا ہوں کہ پرائم منسٹر صاحب اس floor پر فوجی آپریشن بند کرنے کا اعلان کریں گے اور ہمارے جو لاپتا بھائی ہیں، جو بزرگ ہیں انہیں فوری طور پر recover کرانے کا اعلان کریں گے اور ہم یہ بھی توقع کرتے ہیں کہ یہ سلسلہ آئندہ ہمیشہ کے لیے ختم ہو جائے گا۔ شکریہ

جناب قائم مقام چیئرمین: مندوخیل صاحب! آخری اٹھائیں۔ پھر I will give

the floor after this to the Prime Minister. ان کے time کا مسئلہ ہے۔

**سینیٹر عبدالرحیم خان مندوخیل:** میں سب سے پہلے وزیر اعظم صاحب کو welcome کرتا ہوں کہ وہ یہاں پر تشریف لے آئے ہیں اور ایسے ہی امید رکھتے ہیں کہ آئندہ بھی یہاں آ کر وزیر اعظم صاحب ہمارے جو مسائل ہیں ان کی نگرانی بھی کریں گے۔ میں یہاں یہ عرض کروں گا کہ اس سوال کے حوالے سے جو services ہیں' جو basic scales ہیں' اس کے حساب سے ہمارے صوبے کا 6% کوٹا ہے۔ میں اپنے طور پر---- جناب والا! آپ کی توجہ چاہیے------

**جناب قائم مقام چیئرمین:** بالکل! میرے کان آپ کی طرف ہیں اور میں دیکھ رہا ہوں اب بہت سارے لوگ بلوچستان کے بارے میں بات کرنا چاہتے ہیں۔یا وزیر اعظم صاحب کہیں کہ میں سب کو سننے کے موڈ میں ہوں یا مجھے جانا ہے۔تو میں اس لیے انتظار کر رہا ہوں۔ بہت سارے ہاؤس کے ممبرز بولنا چاہتے ہیں۔ چھ مہینے کی دوری ہے وہ کہتے ہیں کہ ہم اکٹھے ہی نہ ہوں کوئی نزدیک ہی نہ کرے۔

**سینیٹر عبدالرحیم خان مندوخیل:** جناب والا! میں 6% کوٹے کے حساب سے یہاں بات کروں گا تو اس میں کل جو ملازم ہیں وہ 3508 ہیں اور اس میں ہمارے 38 ہیں۔ گریڈ گیارہ تک میں نے حساب کیا تو 370 posts ہیں جن میں سے ہمیں 12 posts ملی ہیں۔ یعنی اس میں ہمیں 23 posts ملنی چاہییں تھیں۔ تو میں یہاں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ 6% کوٹے کا مسئلہ نہیں ہے۔اصل مسئلہ یہ ہے کہ ہمیں ۶۰ سال سے پسماندہ رکھا گیا ہے۔ ملک کے تمام وسائل کی تقسیم میں ہمیں محروم رکھا گیا ہے۔ اس حوالے سے میں متعلقہ وزیر صاحب اور وزیر اعظم صاحب سے بھی یہ عرض کروں گا کہ کیا وہ ہمیں اس بات کا اطمینان دیں گے کہ ہمارا جو کوٹا ہے اس کو بہت جلد پورا کریں گے اور نہ صرف یہ کہ وہ کوٹا یہاں اس محکمے میں بلکہ تمام ملک کے federation کے محکموں میں ہمارا حصہ اور ہمارا حق بھی دیا جائے گا بلکہ اس سے زیادہ ماضی میں جو ہماری محرومیاں ہیں ان کو compensate کریں گے۔ یہ میرے points ہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: شکریہ' میں پورے ہاؤس سے یہ request for all the members take up کریں تو پھر میں آگے بڑھوں گا۔

سینیٹر میاں رضا ربانی: جناب چیئرمین صاحب! آپ کا شکر گزار ہوں اور سب سے پہلے میں وزیر اعظم صاحب کو سینیٹ آف پاکستان کے اندر تمام ممبران کی جانب سے خوش آمدید کہنا چاہتا ہوں اور یہاں پر یہ بات سامنے رکھنا چاہتا ہوں کہ وزیر اعظم صاحب نے جب حلف اٹھایا تھا تو اس کے بعد سے ان کا یہ مصمم ارادہ تھا کہ وہ سینیٹ میں تشریف لائیں گے بلکہ میری اور ان کی جو بات ہوئی تھی اس پر یہ بات طے تھی کہ وہ ہر سیشن میں کم سے کم ایک بار ضرور سینیٹ میں آیا کریں گے لیکن

I have no qualms in admitting that it was perhaps due to certain amount of slackness on my part that it took the Prime Minister almost four and half to 5 months to come. So , therefore, I am to be held responsible as far as that is concerned.

یہاں پر میں یہ بھی کہنا چاہوں گا جناب چیئرمین! کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے پارلیمان اور پاکستان پیپلز پارٹی کی coalition حکومت نے پہلے دن سے پارلیمان کی بالا دستی اور پارلیمان کے اندر تمام فیصلے کرنے کا ارادہ کیا ہے اور ہم سمجھتے ہیں کہ حکومت ' پارلیمان کو accountable ہے اور آپ نے دیکھا ہے کہ پرائم منسٹر صاحب خود نیشنل اسمبلی کے اندر question hours کے اندر موجود ہوتے ہیں اور ویسے بھی وہ وہاں پر جواب دیتے ہیں اور آج on behalf of the Prime Minister, I can give a categorical assurance to the House کہ پہلے جو بات ہم نے کی تھی کہ وہ ہر سیشن میں کم سے کم ایک بار سینیٹ میں ضرور آئیں گے ' آئندہ اس پر عمل درآمد مکمل طور پر کیا جائے گا۔ ہم سمجھتے ہیں کہ اب transition of democracy اپنے full circle کی طرف جا رہی ہے۔ اس میں ہم نے تمام جمہوری اداروں کو مضبوط کرنا ہے اور اس ملک میں ایک وفاقی پارلیمانی نظام کو مستحکم کرنا ہے۔ وزیر اعظم صاحب نے یہ بات کہی ہے کہ وہ ہاؤس میں بیٹھے ہوئے ہیں' اس دوران جتنے بھی اراکین سینیٹ اظہار خیال کرنا چاہیں'

They are most welcome. He would like to hear their points of view and benefit from the opinion that they give. Thank you.

جناب قائم مقام چیئرمین: بہت شکریہ۔ میں سب کو موقع دوں گا لیکن میں سب سے پہلے چوہدری انور بھنڈر صاحب جو کہ West Pakistan میں early 60's میں سپیکر رہے ہیں' ان کو دعوت دیتا ہوں کہ وہ بسم اللہ کریں۔ کوشش یہ کریں کہ بات مختصر ہو تاکہ وزیر اعظم صاحب پھر اس کا جواب بھی دے سکیں۔

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین: سب پارٹیوں کا خیال رکھا جائے گا۔

سینیٹر جسٹس (ریٹائرڈ) عبدالرزاق اے تھہیم: ہم نے وزیر اعظم صاحب کو ووٹ دیا تھا' یہاں تشریف لائے ہیں' We have great honour for him. ہمیں بھی بات کرنے کی اجازت دی جائے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: سب کو موقع ملے گا۔ انہوں نے خود کہا ہے کہ میں سب کو سننے کے لیے تیار ہوں۔

سینیٹر چوہدری محمد انور بھنڈر: یہ بات باعث مسرت ہے کہ جناب وزیر اعظم ہاؤس میں تشریف لائے ہیں اور یہ ایک اچھی روایت ہے کہ وزیر اعظم ہاؤس میں آیا کریں۔ جناب والا! سینیٹ کو ہمیشہ یہ گلہ رہا ہے کہ شاید سینیٹ سے وزیر اعظم elect نہیں ہو سکتا' اس لیے سینیٹ کو نظر انداز کیا جاتا ہے۔ حالانکہ یہ ایوان بالا ہے اور یہ درست ہے کہ وزیر اعظم نیشنل اسمبلی کا ممبر ہوتا ہے اور نیشنل اسمبلی میں ہی ان کی زیادہ توجہ مرکوز ہوتی ہے لیکن میں یہ عرض کروں کہ جناب والا! یہ ایوان بالا یا سینیٹ' یہ ایک ہاؤس ہے جس کے بغیر نیشنل اسمبلی نا مکمل ہے' پارلیمنٹ نا مکمل ہے۔ پارلیمنٹ دونوں Houses پر مشتمل ہے' دونوں Houses ملیں گے تو پارلیمنٹ بنے گی۔ اس لیے یہاں آنا نہایت ہی ضروری ہے بلکہ ہم نے اپنے rules میں جو آ رہے ہیں' ان میں Prime Minister Sahib کا ایک Question Hour رکھا ہے اور تجویز کیا ہے کہ ان کا ایک Question Hour ہو تاکہ یہ ہر ہفتے یہاں تشریف لائیں۔ میں جناب والا! رضا ربانی

صاحب کی اس تجویز سے اتفاق نہیں کرتا کہ جب سینیٹ کا سیشن ہو تو وزیر اعظم صرف ایک مرتبہ سینیٹ کے سیشن میں آیا کریں۔ ایک مرتبہ تو بہت ناکافی ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہمارا ہاؤس جتنا عرصہ بھی چلے اس دوران میں کم ازکم ہفتے میں ایک بار ضرور تشریف لایا کریں۔ ہمیں اس بات کا احساس ہے کہ وزیر اعظم بہت مصروف ہیں لیکن جناب سینیٹ کا سیشن بھی بہت اہم کام ہے۔

**جناب قائم مقام چیئرمین:** بہت شکریہ۔

**سینیٹر چوہدری محمد انور بھنڈر:** پارلیمنٹ کی بالا دستی ثابت کرنے کے لیے وزیر اعظم کا سینیٹ میں آنا' میں سمجھتا ہوں کہ یہ نہایت ہی ضروری ہے۔ اس لیے استدعا کروں گا کہ جب بھی ہمارا سیشن ہو' اس دوران ہر ہفتے وزیر اعظم صاحب ایوان میں تشریف لایا کریں۔ شکریہ۔

**جناب قائم مقام چیئرمین:** بہت شکریہ۔ جناب تھہیم صاحب! روزے ہیں' رمضان کا مہینہ ہے' یہ ذرا ذہن میں رہے۔

**سینیٹر جسٹس (ریٹائرڈ) عبدالرزاق اے تھہیم:** جناب چیئرمین! میں آپ کا شکرگزار ہوں کہ آپ نے مجھے time دیا۔ میں اپنی پارٹی Muslim League (Functional) کی طرف سے وزیر اعظم صاحب کو welcome کرتا ہوں کہ وہ یہاں تشریف لائے۔ جناب والا! یہاں یہ بھی بتاتا چلوں کہ وزیر اعظم کے الیکشن میں اور vote of confidence میں بھی ہماری پارٹی نے ان دونوں مواقع پر Prime Minister کو fully support کیا تھا۔ اب بھی وزیر اعظم صاحب پیر صاحب کے پاس گئے تھے۔ انہوں نے انہیں کہا کہ ہم آپ کی opposition نہیں کریں گے۔ مجھے بھی یہی instructions ہیں کہ ہم وزیر اعظم کی مخالفت نہ کریں۔ جو بھی مثبت باتیں ہوں گی' ہم ان کی support کریں گے۔

جناب والا! میں ایک بات کہتا ہوں' میں چونکہ Local Government کا وزیر رہا ہوں۔ اس دوران میں funds کے بارے میں کچھ دوستوں کو reservations تھیں مگر پہلی بار وزیر اعظم صاحب نے Opposition اور Treasury Benches کو funds دیے ہیں۔ اس پر ہم ان کے شکرگزار ہیں۔ یہ development funds ہیں اور اپنے اپنے areas کے funds ہیں۔ یہ کسی

آدمی کے ذاتی funds نہیں ہوتے۔ وزیر اعظم صاحب سیٹ پر آجائیں تو مجھے ایک دو اور باتیں بھی کرنی ہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: نوید قمر صاحب ان کے behalf پر note کر رہے ہیں۔ اس لیے آپ اپنی تقریر جاری رکھیں۔

سینیٹر جسٹس (ریٹائرڈ) عبدالرزاق اے تھہیم: نوید قمر صاحب تو ہمارے بڑے مہربان ہیں مگر وزیر اعظم' وزیر اعظم ہوتا ہے۔ وزیر' وزیر ہوتا ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: لیکن Finance Minister, Finance Minister ہوتا ہے۔

سینیٹر جسٹس (ریٹائرڈ) عبدالرزاق اے تھہیم: جناب والا! آپ کو پتا ہے کہ سینیٹ کا Leader of the House, Prime Minister ہوتا ہے کیونکہ جو یہاں Leader ہوتا ہے' وہ وزیر اعظم کا nominee ہوتا ہے۔ rules میں یہی ہے۔ اس لیے وزیر اعظم صاحب آجائیں تو میں بات کروں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: وزیر اعظم صاحب خود نیشنل اسمبلی کے سپیکر رہے ہیں اور وہ پارلیمانی مزاج کے حامل ہیں۔

سینیٹر جسٹس (ریٹائرڈ) عبدالرزاق اے تھہیم: جناب والا! میں نے funds کی بات کی تھی کہ سب کو equal funds دیے گئے ہیں۔ Development funds میں وزیر اعظم صاحب نے کوئی difference نہیں رکھا۔ اپوزیشن اور کسی دوسرے ممبر میں کوئی فرق نہیں رکھا ہے۔ سب کو ایک' ایک کروڑ روپے دیے گئے ہیں' یہ اپنے اپنے areas کی development کے لیے دیا گیا ہے۔ جناب والا! میں یہ عرض کروں گا کہ ہمارا جیکب آباد ایک remote area ہے۔ جمالی صاحب' آپ کو پتا ہے کہ یہ بہت remote area ہے اور یہاں کچھ بھی نہیں ہے۔ اس لیے دوبارہ ان سے عرض کروں گا کہ اس علاقے کی ترقی کے لیے کچھ کریں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: شکریہ۔

سینیٹر جسٹس (ریٹائرڈ) عبدالرزاق اے تھہیم: جہاں تک Judges کے معاملے

کا تعلق ہے۔ اس کے بارے میں عرض کرتا ہوں کہ چونکہ یہ ایک concerned معاملہ ہے۔ اس وقت lawyers بھی بیٹھے ہوئے ہیں' Attorney General صاحب بھی بیٹھے ہوئے ہیں اور Law Minister صاحب بھی بیٹھے ہوئے ہیں کہ یہ بڑا technical معاملہ ہے۔ اس معاملے کو politicise کیا گیا ہے۔ وزیر اعظم صاحب نے برسر اقتدار آتے ہی ججوں کو آزاد کر دیا تھا۔ اب بھی بحالی کا معاملہ چل رہا ہے۔ میں constitutionally عرض کروں گا' جیسے Constitution کہتا ہے' اسی طرح سے اس معاملے کو deal کیا جائے۔ Resolution وغیرہ پاس کرنے سے کچھ نہیں ہوتا ہے۔ ایسا کوئی precedence نہ بنائیں۔

جناب والا! اس کے علاوہ میں نے سینیٹ میں یہ بھی عرض کیا تھا کہ ایک کمیشن مقرر کیا جائے۔ بھٹو کو پھانسی دے کر اب یہ کہتے ہیں کہ یہ غلطی کی ہے۔ کیا یہ judiciary نہیں تھی؟ کیا آپ اسے بھول گئے ہیں؟ سپریم کورٹ پر حملے کر کے ہم بھول گئے ہیں؟ اس لیے ایک کمیشن مقرر کیا جائے اور اس میں اچھے Judges رکھے جائیں' جن کا record اچھا ہے۔ ہمیں judiciary کی بڑی عزت ہے۔ میں بھی judiciary سے متعلق رہا ہوں۔ ایسے cases سپریم جوڈیشل کونسل میں بھیجے جائیں۔ Judges کو بھی اچھی طرح کام کرنا چاہیئے۔ جلسے' جلوس نہیں نکالنے چاہئیں۔ اسے politicise نہ کریں۔ اس لیے میں عرض کروں گا کہ آپ judges کو ضرور بحال کریں۔

جناب والا! PCO کیا ہے؟ ایک PCO, 1981 میں آیا۔ اس کے مطابق oath لیا گیا۔ Was that appreciable? پھر 2000 میں oath لیا گیا۔ 2007 میں oath لیا گیا۔ اس لیے ان چیزوں کو سامنے رکھتے ہوئے ایک کمیشن مقرر کیا جائے جیسے ہم نے پہلے حمود الرحمان کمیشن مقرر کیا تھا۔ اب یہ bargaining نہیں ہونی چاہیئے کہ ایک دن چار جج بحال ہو رہے ہیں اور دوسرے دن پانچ بحال ہوتے ہیں۔ اس لیے میں عرض کرتا ہوں کہ جو Constitution کہتا ہے' آپ ویسے کریں۔ اب ایک Judge کیسے remove ہوتا ہے' کیسے appoint ہوتا ہے' آپ اس طریقے پر عمل کریں۔ انصاف کریں۔ آپ کی بہت مہربانی' شکریہ۔

جناب قائم مقام چیئرمین: ڈاکٹر عبدالمالک صاحب۔ آپ بات کریں۔ وزیر اعظم

صاحب یہاں آئے ہوئے ہیں۔

سینیٹر ڈاکٹر عبدالمالک: جناب چیئرمین! میں نیشنل پارٹی کی طرف سے وزیر اعظم صاحب کو خوش آمدید کہتا ہوں اور انہیں یاد دلانا چاہتا ہوں کہ ہم پاکستان پیپلز پارٹی کی جدوجہد کے اتحادی رہے ہیں لیکن بدقسمتی سے جب پاکستان پیپلز پارٹی اقتدار میں آجاتی ہے تو ہم اس سے آہستہ آہستہ دور ہوتے چلے جاتے ہیں۔ جب ڈنڈے کھانے کی باری ہوتی ہے تو ہم اس کے ساتھ برابر ڈنڈے کھاتے ہیں۔ یہ بات ابھی کی نہیں ہے بلکہ شروع دن سے ہی ایسا ہے لیکن جب یہ اقتدار میں آجاتے ہیں تو ہم آہستہ آہستہ دور ہوتے جاتے ہیں۔ میں نے اپنے لیڈر رضا ربانی صاحب کو پہلے کہا تھا کہ جب تک آپ آمر کے خلاف لڑیں گے، ہم آپ کے ساتھ ہیں اور جس دن ہم نے محسوس کیا کہ آپ آمر کے ساتھ compromise کر رہے ہیں تو ہم آپ کو چھوڑ دیں گے۔ اس لیے اس وقت پاکستان پیپلز پارٹی پر ایک تاریخی فرض عائد ہوتا ہے کہ وہ بتائے کہ وہ یہاں پر عوام کی بالادستی چاہتے ہیں یا اسی establishment کا حصہ رہ کر حکومت کرنا چاہتے ہیں۔ ہم نے عوامی جدوجہد کی ہے، جیسے کہ اسمبلیوں کا boycott کیا، کیا وہ اس جدوجہد کا ساتھ دے گی یا establishment کو تقویت دے گی؟ جناب والا! اگر اس کے قدم establishment کی جانب بڑھے تو ہمارے قدم اس کی مخالف سمت کی طرف جائیں گے۔ It is very clear cut. میں اس بات کو very categorically اس ایوان میں کہنا چاہتا ہوں۔

جناب والا! میری دو باتوں کی request رہی ہے۔ بلوچستان میں اس وقت بھی فوجی operation جاری ہے۔ ہم پر، بلوچستان پر اگر اس وقت بھی فوجی آپریشن جاری رہا تو ہم تو سہہ لیں گے، جن کو مرنا ہے، وہ مر جائیں گے۔ جنہیں مرنا تھا، وہ مر گئے لیکن یہ ایک اور دھبہ ہو گا پاکستان پیپلز پارٹی کے ماتھے پر۔ میں چیزوں کو بڑے واضح انداز میں کہہ رہا ہوں، کوئی منافقت نہیں کر رہا ہوں۔ تیسری بات یہ ہے کہ اگر بلوچستان کا آپریشن اب بھی جاری رہا، تو ہم یہ سمجھیں گے اب کے آپریشن میں پیپلز پارٹی ملوث ہے۔ ہماری اس سے درخواست ہے، گزارش ہے کہ اس آپریشن کو فی الفور بند کیا جائے۔ ہمارے تمام گرفتار شدگان کو رہا کیا جائے اور تیسری بات میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ پیپلز پارٹی نے شروع گورنمنٹ میں جو commitment کی تھی کہ for a new

social contract, they should go for a new social contract ہم اس social contract سے جو مظلوم قومیں ہیں، بلوچ ہیں، سندھی ہیں، پشتون ہیں، ہم مطمئن نہیں ہیں۔ اگر new social contract پر جائے گا تو یہاں پر صحیح معنوں میں وفاقی جمہوری نظام ہو سکتا ہے۔ ان ہی گزارشات کے ساتھ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: اسحاق ڈار صاحب۔ پہلے لیڈر جو ہیں ۔ پہلی دفعہ وزیر اعظم آئے ہیں۔ ایک روایت قائم کرنی ہے۔

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔بہت شکریہ جناب چیئرمین۔ میں بھی سب کو Join کرتا ہوں۔ honourable Prime Minister صاحب تشریف لائے ہیں اور آج یہ ایک beginning ہے اور رضا صاحب نے کہا کہ کم از کم ہر سیشن میں وہ ایک دفعہ تشریف لائیں گے ۔ اس سے I am sure کہ ہماری performance میں بہت positive improvement ہو گی ۔ جناب چیئرمین! پاکستان اتنے challenges سے گزر رہا ہے کہ اس کی تفصیل میں جائے بغیر یہ کہا جا سکتا ہے کہ ہمیں domestic اور international challenges آج نہیں ، پچھلے چند سالوں سے درپیش ہیں اور جب نئی coalition government نے حکومت سنبھالی تو ہم سب کو پتا ہے کہ external food and fuel crises اور پاکستان کے internal financial حالات کہاں کھڑے تھے ۔ اکتیس مارچ کو جب نئی حکومت بنی تو پاکستان کے معاشی حالات بہت serious تھے ۔ میں اس کی تفصیل میں نہیں جاؤں گا کہ ہم نے چار فیصد جو budget deficit کرنا تھا، وہ تقریباً ساڑھے نو فیصد پر جا رہا تھا اور جو ۸ بلین ہم نے پورے سال میں سٹیٹ بینک سے borrow کرنا تھا، وہ اکتیس مارچ تک پانچ سو ارب کے قریب پہنچ چکا تھا۔ یہ تمام crises اور پاکستانی عوام کی مشکلات اور پھر کئی سالوں سے بجلی میں جو ایک میگاواٹ بھی add نہیں ہوا، اس کی وجہ سے جو لوڈشیڈنگ اور جو معاشی مسائل ہیں، جو لوگوں کی تکالیف ہیں، ان کو دور کرنے کے لیے بحیثیت قوم اور ایک حکومت یہ فرض تھا اور ہے کہ ہم ان معاشی مشکلات پر قابو پانے کی پوری کوشش کریں۔ لیکن اس کے لیے، اس سے پہلے جب تک آپ political stability اس ملک میں نہیں دیں گے، میں

سمجھتا ہوں کہ ہماری منزل آسان نہیں ہو گی اور اس میں دو major issues ہیں۔ ایک ججز کا issue ہے اور دوسرا سترہویں ترمیم کا ہے۔ یہ ادارہ وفاق کی علامت ہے۔ ہم provinces کو represent کرتے ہیں۔

We are a Federation and we have a parliamentary system of government. Unless, we have a real parliamentary system, unfortunately, the shadows of dictator have gone but their actions are still not revert.

ہمیں پتا ہے کہ اس ملک میں سترھویں ترمیم کے ذریعے، بڑی بدقسمتی سے وہ تمام imbalance of powers between the Parliament, President and the Prime Minister وہ create ہو چکا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ پرائم منسٹر بڑی committed شخصیت ہیں اور وہ بڑی dedication کے ساتھ مسائل کو حل کرنے کی مہارت رکھتے ہیں۔ وہ آج اس floor پر commitment دیں۔ ان کی statements record پر ہیں کہ وہ ججز بحال ہوں گے۔

not by piece meal. Why not by one shot of statement? I would request Mr. Prime Minister that you announce today in this House that all Judges stand restored, right from today. And I am sure, nobody can dare challenge the writ of the Prime Minister. He announced the removal of all the barricades. He released them virtually when he made the first speech in the National Assembly of Pakistan. I think, it was the historic moment. He is in the Senate of Pakistan. Let it be a historic movement, let him announce.

جناب اگر آٹھ جج ہو سکتے ہیں تو سارے جج بھی ہو سکتے ہیں ۔ میں تفصیل میں نہیں جانا چاہتا۔ یہ دو مسئلے حل کر دیں۔

I think country can move forward. There are very serious challenges. International community is looking to break Pakistan. They have unfortunately a road map. International US Armed Forces' Think Tanks

have already shown their global new world map in which Balochistan has been shown a separate country, in which Frontier has been shown a part of Afghanistan. Sindh has been divorced from Pakistan. So, where we are standing today? We should work as a united country, as a united nation and we must move forward. We can only move forward, if we are united. We can only move forward if we strengthen the institutions. We can only move forward, if we remove the irritant which is in the political institutions of Pakistan.

میں سمجھتا ہوں کہ political stability بہت ضروری ہے۔ میں پرائم منسٹر کی اس آمد پر ان سے request کروں گا کہ آج یہ ابھی announce کریں کہ تمام ججز بحال کیے جاتے ہیں۔ میں دیکھتا ہوں کہ کون ہے جو اس ملک میں ان کے حکم پر عملدرآمد نہیں کرے گا۔ میں جناب پرائم منسٹر سے یہ بھی درخواست کرتا ہوں کہ اس موقع پر آج یہاں historic announcement کریں اور کہیں کہ تمام لوگ مل کر آپ Seventeenth Amendment کی repeal کا بل in twenty four hours اس ہاؤس میں present کریں' Constitutional amendment کریں تاکہ

we should get rid of the *Baqiyats* of the dictatorship and we shoud reverse the true democracy in Pakistan and should bring the parliamentary system in which the Prime Minister's Office is strengthened, in which parliamentary system is strengthened and President's Office has the real power which it should have. Thank you very much, Mr Chairman.

جناب قائم مقام چیئرمین: پروفیسر خورشید صاحب۔

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم۔ جناب چیئرمین! میں اپنی اور اپنی جماعت کی طرف سے محترم وزیر اعظم کا اس

ایوان میں خیرمقدم کرتا ہوں ۔ انہوں نے آنے میں دیر ضرور کی لیکن آج ان کا آنا ہمارے لیے خوشی کا باعث ہے اور میں بھنڈر صاحب کی تجویز کی تائیدکروں گا کہ ہفتے میں ایک بار سینیٹ میں ضرور تشریف لائیں اور اس طرح وہ دونوں ایوانوں کی sense کو سمجھ سکیں گے اور خاص طور پر فیڈریشن جن مسائل سے دوچار ہے' ان کی پوری پوری عکاسی صرف اس ایوان میں ہوتی ہے۔ بلاشبہ نیشنل اسمبلی میں بھی وہ مسائل آتے ہیں لیکن جس وضاحت کے ساتھ اس ہاؤس میں وہ مسائل آتے ہیں' وہ کہیں اور نہیں آتے اور یہ ان کے لیے سمجھنا بہت ضروری ہے۔ جناب والا میں دوسری بات یہ کہنا چاہتا ہوں کہ بلاشبہ اٹھارہ فروری کے انتخابات ہماری تاریخ میں سنگ میل کی حیثیت رکھتے ہیں لیکن ان کے نتائج کو سمجھنا اور ان کے تقاضوں کو پورا کرنا بہت ضروری ہے۔ پیپلز پارٹی largest party, کی حیثیت سے سامنے آئی لیکن ووٹرز نے' قوم نے اسے تنہا حکمرانی کا اختیار نہیں دیا۔ جس طرح verdict, mandate قوم نے دیا ہے' وہ یہ ہے کہ Peoples Party lead کرے گی لیکن اسے باقی پارٹیوں کو ساتھ لے کر چلنا ہو گا۔ یہ اٹھارہ فروری کے election result کا منطقی اور سیاسی تقاضا ہے۔ یہی اس کا اخلاقی message ہے۔ اسے آپ نظر انداز نہ کریں ۔ اگر آپ نے solo flight کی کوشش کی تو ہو سکتا ہے کہ آپ کرلیں لیکن یہ اٹھارہ فروری کے mandate کے بھی خلاف ہو گا اور جن حالات سے ملک گزر رہا ہے ان سے مطابقت نہیں ہو گی۔ دوسری بات۔ اٹھارہ فروری کے انتخابات کا message یہ ہے کہ قوم تبدیلی چاہتی ہے۔ آپ سارے surveys دیکھ لیجیے انہوں نے foreign policy, فوجی operation, economic policies, امریکہ کے ساتھ تعلقات' ان تمام کے بارے میں عوام نے ایک بار نہیں' بار بار' تسلسل کے ساتھ پرویز مشرف صاحب کی پالیسیوں سے بغاوت' ان پر شدید condemnation' اٹھارہ فروری کے انتخابات دراصل تبدیلی کا پیغام ہے اور وہ تبدیلی صرف فرد کی نہیں' بلکہ policies کی ہے' وہ رخ کی ہے ۔ وہ عوام کے جذبات' احساسات اور policies میں جو خلا پیدا ہو گیا ہے اسے ختم کرنا ضروری ہے اور یہ متواتر بڑھ رہا ہے۔ میں warn کرنا چاہتا ہوں کہ ان پانچ مہینوں میں ہم اس مقصد سے قریب نہیں ہوئے' اس سے کچھ دور ہوئے ہیں۔ اس خطرے کو محسوس کیجیے۔

تیسری بات جناب چیئرمین ! میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جس طرح ہمارے بھائی اسحاق ڈار

صاحب نے کہا ہے' اس وقت یہ دو critical issues ہیں۔ میں ان کی پوری تائید کرتا ہوں اور درخواست کرتا ہوں کہ یہ موقع ہے کہ تین نومبر کو جو ظلم اس ملک کے ساتھ کیا گیا۔ وہ حکم نامہ illegitimate, illegal, unconstitutional تھا ۔ Directly or indirectly اس کو validity دینا ایک جرم ہے اور اس تین نومبر کے اعلان کی تنسیخ کی شکل یہ ہے کہ یہ قوم اس کو ماننے سے انکار کر دے۔ جس سپریم کورٹ نے اس کو validation دی' وہ hand picked اور مجوس سپریم کورٹ تھی۔ اس کا فیصلہ' ہرگز اخلاقی جواز اور سیاسی backing نہیں رکھتا' اس لیے آپ آگے بڑھیے اور judges کو عزت کے ساتھ restore کیجیے۔ جس طرح ان کو غلط حکم کے ذریعے چیمبر سے نکالا گیا ہے' آپ ان کو ایک صحیح حکم کے ذریعے ان کے چیمبر میں واپس لائیے۔ جناب والا! میں ایک بات یہ بھی کہنا چاہتا ہوں کہ بلوچستان میں آپریشن فی الفور ختم ہونا چاہیے اور اسی طریقے سے صوبہ سرحد' قبائلی علاقوں میں ہونا چاہیے۔ آپ آج کے اخبارات دیکھ لیجیے' کیا ظلم ہے کہ ہم دوسروں کو خوش کرنے کے لیے' اس پر آپ جس مقام پر کہیں میں گفتگو کرنے کے لیے تیار ہوں کہ یہ کہہ دینا کہ یہ ہماری جنگ ہے' غلط بات ہے۔ یہ امریکہ کی جنگ ہے' پاکستان کی جنگ نہیں ہے۔ پاکستانی قوم نے کبھی اس کو اپنی جنگ نہیں سمجھا اور میں پھر وہ surveys refer کروں گا خواہ Gallup کے ہوں یا on line کا ہو' سب میں 70 to 78% پاکستانی عوام نے صاف کہا ہے کہ ہم دہشت گردی کے خلاف امریکہ کی جنگ کو پاکستان کی جنگ نہیں سمجھتے۔ جناب والا! اس چکر سے نکلیے' جو ہمارے دوست تھے' جو ہمارے دست راست تھے' ہم نے ان کو دشمن بنا لیا ہے۔ مجھے یہ کہتے ہوئے دکھ ہوتا ہے لیکن مجھ سے باجوڑ کے مجبور اور مجروح بھائیوں نے یہ بات کہی ہے کہ ہمیں اپنی فوج سے ایسا سلوک پاتے ہوئے دکھ ہو رہا ہے۔ کاش یہ کام پاکستانی فوج نہ کرتی' امریکی کرتے تو ہم ان کا مقابلہ کرتے۔ جناب والا! یہ بڑا serious مسئلہ ہے۔

جناب والا! آخر میں یہ عرض کروں گا کہ ملک میں inflation اور بے روزگاری ہے' جو معاشی پالیسی اور پیکیج اب تک آپ نے دیا ہے' وہ قطعاً ناکافی ہے۔ ایک اکانومسٹ کی حیثیت سے میں آپ کو warn کرتا ہوں کہ اگر آپ economic policy making میں fundamental changes نہیں لاتے اور آپ کی جو team ہے' میری نگاہ میں وہ کمزور

team ہے۔ آپ کو ضرورت ہے کہ national consensus پیدا کریں' ملک میں جو talent ہے' آپ اس کو ایک مقام پر لائیں اور ایک نئی economic policy لائیے۔ میں یہ بات بھی کہنا چاہتا ہوں کہ ہم اپوزیشن میں ہیں' اپوزیشن میں رہیں گے لیکن حکومت جو صحیح اقدام کرے گی' ہم اس کو welcome کریں گے اور جو غلط اقدام کرے گی' اس پر بھرپور گرفت کریں گے۔ اس معاملے میں کوئی مداہنت نہیں کریں گے اور جناب والا! میں آخری بات یہ کہنا چاہتا ہوں کہ میثاق جمہوریت میں آپ نے قوم سے وعدہ کیا تھا کہ اس ملک میں احتساب کا ایک منصفانہ اور معتبر نظام قائم کیا جائے گا۔ NRO ایک شرمناک document ہے' جس کے ذریعے جو لوگ آئے ہیں' ان کو اپنی پاک دامنی ثابت کرنا ہو گی ورنہ ملک اور ملک کے باہر ہماری جو "ہواخواہی" ہو رہی ہے' وہ بڑی خطرناک ہے' تکلیف دہ ہے۔ آپ نے کہا تھا کہ احتساب ہونا چاہیے' ہم انتقام کے خلاف ہیں۔ ماضی میں جو vendetta کیا گیا' قطعاً غلط تھا لیکن محض انتقام کا نام لے کر اس ملک میں جو کرپشن ہوئی' ملک کی دولت کو استعمال کرنا' power کا غلط استعمال ہوا ہے' اس کو فوجی حل نہیں مل سکتا' اس پر گرفت ہونی چاہیے۔ میں سب سے پہلے اپنے آپ کو احتساب کے لیے پیش کرتا ہوں لیکن میں کہتا ہوں کہ پوری سیاسی قیادت کا فرض ہے کہ وہ اپنے آپ کو احتساب کے لیے پیش کرے۔ پھر اس کو جو moral authority ہو گی' اس کے ذریعے فی الحقیقت اس ملک کو' اس کے قیام کے مقاصد سے ہم آہنگ کیا جا سکے گا۔ بہت شکریہ۔

**جناب قائم مقام چیئرمین:** جی. thank you. آج اجازت دیں' سارے اراکین کہ جو party leaders ہیں پہلے وہ بات کر لیں کیونکہ Prime Minister Sahib کا پہلی دفعہ introduction ہو رہا ہے۔ ویسے تو ملاقات ہوتی ہے' سب کو پہچانتے ہیں' وہ ہو جائے پھر we will move on. میں عبدالرحیم خان مندوخیل صاحب کو floor دے رہا ہوں۔

(مداخلت)

**جناب قائم مقام چیئرمین:** جو آپ کے senior ہیں' وہ مجھے پیچھے سے اشارے کر رہے ہیں' سامنے سے نہیں پیچھے سے اشارے کر رہے ہیں۔ جی. please.

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین: جی بالکل وہ بھی کریں گے لیکن ہماری بھی نمائندگی ہے، پہلے ان کو موقع دیں، parliamentary discipline کا ایک اصول ہے۔

سینیٹر عبدالرحیم خان مندوخیل: جناب چیئرمین! میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے وزیر اعظم صاحب کو welcome کرنے کے حوالے سے مجھے موقع دیا کہ میں اپنی معروضات پیش کروں۔ جناب چیئرمین! میں وزیر اعظم صاحب کو یہاں ایک بار پھر welcome کرتا ہوں۔ جناب چیئرمین! ہمارے ملک کا ساٹھ، اکسٹھ سالوں سے بنیادی مسئلہ آئین کا ہے، social contract کا ہے۔ اس ملک میں ہم لوگ جو یہاں رہتے ہیں، سولہ کروڑ عوام جو اس ملک کے components ہیں یعنی پشتون، بلوچ، سندھی، سرائیکی، پنجابی جو یہاں کے components ہیں ان کے مابین ایک social contract ہو جس سے ہم اس ملک کو ایک آئینی نظام کے تحت چلا سکیں۔ بار بار مارشل لاء لگے اور پھر ہر مارشل لاء میں ہم عوام کچلے گئے اور پھر عوام کی پارٹیوں کی struggle سے آج جو position ہے، یہ ایسے ہی نہیں حاصل ہوئی کہ بیٹھے، بیٹھے ہمیں مل ہو۔ یہ ہماری قربانیوں اور تکالیف برداشت کرنے کے نتیجے میں ہوا ہے اور اس میں بحیثیت وزیر اعظم اور ہمارے ملک کی ایک سیاسی پارٹی، پیپلز پارٹی کے ایک لیڈر کی حیثیت سے آپ کا role ہے۔ جناب والا! میں زیادہ وقت نہیں لوں گا، بنیادی مسئلہ یہ ہے کہ اس وقت جو ذمہ داریاں ہیں، آپ کے منتخب ہونے سے پہلے بہت اہم سیاسی فیصلے ہوئے۔ لندن میں all parties conference ہوئی، وہاں ایک declaration جاری کیا گیا۔ اس ملک کو اس کے مطابق چلانا تھا اور جناب والا! اس کے مطابق مارشل لاء، آمریت اور ریٹائرڈ جنرل مشرف کی جو حکومت یا نظام تھا، اس کی rejection struggle سے ہوئی۔ APDM کی پارٹیوں نے اسی بنیاد پر الیکشن کا بائیکاٹ کیا۔ ہمارا بائیکاٹ اس لیے تھا کہ 12 October, 1999 کا اقدام اور 03 November, 2007 کا اقدام غیر قانونی، غیر آئینی، غیر اخلاقی اقدام ہے۔ اس ملک کے اداروں کے خلاف ایک غصب ہے۔ اسی بنیاد پر APDM نے یہ declare کیا کہ ہم الیکشن میں حصہ نہیں لیں گے جب تک اس غیر آئینی قوت کو دستبردار نہ کرایا جائے۔ جناب والا! بائیکاٹ کے دوران الیکشن ہوئے، آپ نے دیکھا کہ ایسا بائیکاٹ تھا کہ سارے پاکستان میں کسی جگہ پولنگ اسٹیشن پر لائن نظر نہیں

آئی، باہر سڑک پر الیکشن ہوا۔ جناب والا! الیکشن میں بھی مارشل لاء کی قوتیں مسترد ہوئیں اور صوبائی خود مختاری، democracy and fundamental rights کے حوالے سے democratic parties کامیاب ہوئیں۔ یہ ہمارے لیے خوشی کی بات تھی کہ پارٹیوں کی باقاعدہ ایک coalition بنی اور آخر میں ان کو حکومت مل گئی۔ اس حوالے سے جناب والا! آپ کو یہ نظر میں رکھنا چاہیے کہ اصل میں تین نومبر کا اقدام غیر آئینی ہے، ایک غصب ہے۔ اب ایک غیر آئینی اقدام کے تحت judiciary کو گرفتار کیا، جیل میں رکھا۔ جناب والا! ایسے حالات میں آپ کی، برسر اقتدار پارٹی اور coalition کی یہ ذمہ داری ہے، میں آئینی، technical detail میں نہیں جاؤں گا، میں اس حوالے سے ایک clear بات کروں گا کہ ایک غاصب آیا، اس نے ہمارے اداروں پر قبضہ کیا، عدلیہ کو بھی قید میں رکھا اور پھر اسی سپریم کورٹ نے اسی دن تین نومبر کو اس عمل کو مسترد کیا۔ اس کے بعد جو نام نہاد سپریم کورٹ ہے یا PCO ہے یہ سب غیر آئینی اقدامات ہیں۔ اب آپ کی جو position بن گئی ہے، آپ کی ذمہ داری ہے کہ آپ ان مسائل کو حل کریں۔ اس وقت میں یہ کہوں گا، بڑا افسوس ہے کہ ججوں کو مجبور کیا جا رہا ہے، reappointment ہو رہی ہے یعنی ان کی مجبوریوں سے ناجائز فائدہ اٹھا کر جو غیر آئینی اقدامات تھے، ان کو آئینی قرار دینے کی کوشش ہو رہی ہے۔ ایسا عمل ہو رہا ہے، ان democratic لوگوں کی حکومت میں، democratic Parliament کے دوران اس طرح کا عمل صحیح نہیں ہے۔ جناب والا! ہماری عرض یہ ہے کہ سب سے پہلے judiciary کو restore کیا جائے، reinstate کیا جائے، reappoint نہ کیا جائے، سب سے پہلا بنیادی مسئلہ یہ ہے۔

جناب والا! اس کے ساتھ دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ جو 17th amendment ہے یعنی وہ مارشل لا کا عمل جس کے تحت مجبور کر کے، لوگوں نے gun point پر 17th amendment formulate کی ہے، promulgate کی ہے، انہوں نے justices کو باقاعدہ قید میں رکھا۔ آپ کے پاس عوام کا mandate ہے، آپ کی ذمہ داری بنتی ہے کہ judiciary کو بحال کریں اور اس کے ساتھ 17th amendment bill کو بھی ختم کریں یعنی آمریت کی تمام چیزوں کو نکالنا چاہیے، تمام Parliament آپ کے ساتھ ہے۔

جناب والا! اس کے ساتھ میں ایک اتنی عرض کروں گا کہ اسی دوران ہمارے صوبے

میں ہمارے صوبے کے لوگوں کے خلاف ایک operation ہو رہا ہے' وہ صرف صوبائی خودمختاری مانگ رہے ہیں' اس کو حل کرنا ضروری ہے۔

ایک اور بات یہ ہے کہ دہشت گردی کا مسئلہ ہے' ہمارے ملک میں دہشت گردی ہے' آپ سب کو علم ہے کہ دہشت گردی کے بنیادی causes کیا تھے' یہاں غیر ملکیوں کو آباد کیا گیا' sponsor کیا گیا' finance کیا گیا' trained کیا گیا اور آج بھی غیر ملکی یہاں ہیں۔ ہم لوگ اس پر بات نہیں کرتے' یہ نہیں ہے کہ دہشت گردی ہے' انتہا پسندی ہے لیکن کہاں ہے؟ کیوں ہے؟ کس نے کی ہے؟ اس کے بارے میں Parliament بھی خاموش ہے۔ یہاں غیر ملکی ہیں اور وہ ہم پر بھی انتہا پسندی مسلط کر رہے ہیں' ہمارے لوگوں کو مار رہے ہیں۔ جناب والا! آپ پشتونخواہ صوبے میں دیکھیں کہ سوات سے لے کر' ڈیرہ اسمٰعیل خان تک صوبے کی تمام economy ختم ہے' امن ختم ہے' پل اڑائے جا رہے ہیں' لوگوں کو مارا جارہا ہے اور central پشتونخواہ میں باجوڑ سے وزیرستان تک تمام شہر جلا دیے گئے ہیں' تمام کاروبار ختم ہو گیا ہے۔ جناب والا! میں آدھے منٹ میں ختم کرتا ہوں۔

**جناب قائم مقام چیئرمین:** ٹھیک ہے۔

**سینیٹر عبدالرحیم خان مندوخیل:** یہ سب ختم ہوئے ہیں۔ اس کے علاوہ ہم پر ظلم' ہمارے ملک کے عوام پر ظلم' ہماری حکومت کا بھی خاتمہ اور ساتھ ہی دوسرے ملکوں میں مداخلت ہے اور اس مداخلت کا نتیجہ یہ ہے کہ ہمارے پاکستان کے وجود کے لیے خطرہ پیدا ہو گیا ہے۔ جناب والا! ایسے حالات میں آپ کی ذمہ داری بنتی ہے کہ انتہا پسندی' terrorism اور اس کے اڈوں کا خاتمہ آپ کو determined ہو کر کرنا ہو گا۔ آپ اس طرح نہ ملک کو بچا سکتے ہیں نہ اس ملک کے عوام کو بچا سکتے ہیں۔ جناب والا! آپ کی بڑی مہربانی۔

**جناب قائم مقام چیئرمین:** وسیم سجاد صاحب! please مختصر کریں' you know کہ time compact ہے' بہت speakers بولنا چاہتے ہیں لیکن آج leaders of the parties جو seniors members ہیں ان کو موقع دے رہے ہیں۔

Senator Wasim Sajjad: Mr. Chairman, on behalf of my party

and joining voice with my colleagues in the Senate, I would like to welcome the Prime Minister on his first visit to the Senate of Pakistan. The presence of the Prime Minister shows the Government's presence at the highest level in this House of the Parliament. It also establishes the principle of accountability...

جناب قائم مقام چیئرمین: وسیم صاحب! mike on ہے۔

Senator Wasim Sajjad: It also establishes the principle of accountability that the Government which is represented at the highest level by the Prime Minister is present in the House to answer questions, to listen to the various points of view expressed by the honourable Members and to respond to it by appropriate changes in the policies of the Government to reflect aspiration of the people of Pakistan.

Mr. Chairman, taking advantage of the presence of the Prime Minister, I would like to share some of the thoughts regarding the situation in the country today. I have said these things in the past also but I think, it is important that in the presence of the Prime Minister these would be repeated. Pakistan has faced many challenges in the last 60 years, we have faced wars, we have faced natural calamities, we have faced earthquakes, we have faced economic crisis and we have faced political crisis in the past. We have had military interventions and we have had all sorts of problems that any one country can face. One has been worried about these things in the past but I must share with you Mr. Chairman that I am most worried man looking at the situation in Pakistan

today.

The first item which causes concern is the economic situation in the country 6 months ago our reserves were 17 billion, today they are down to 9 billion, 6 months ago the value of the rupee to the dollar was 60 to 61 rupees, today it is about 76 to 77. Six months ago there was investment in Pakistan coming from outside, today that is stand still. 6 months ago the Stock Exchange was moving, there were people not only in Pakistan but from outside Pakistan coming to invest in Pakistan Stock Exchange, today it has crashed to an alarming level.

Yes, there are problems which we are facing, which all countries are facing, primarily the problem of food shortage and the problem of the very high oil prices which many 3rd world countries and developing countries are finding difficult to face. These are there but all problems have to be met and all difficulties have to be changed into opportunities. What concerns we have that I do not see any policy response from the Government to tackle these issues. These issues need to be tackled immediately. I see, for example, that the industries are also being affected, many textile mills which are the backbone industry in Pakistan are beginning to close down. They are closing down because of the high interest charges of the banks, the high electricity charges, the high gas charges, the high labour charges and the Government needs to respond to it otherwise, we will go into a deepening crisis from day to day.

I have mentioned, I could go into details but due to shortage of time, I am just trying to highlight the economic situation so that the Prime

Minister is aware of our concerns and what is alarming is that we do not see a proper policy formulation to cope in time with these problems that we are facing. It is not I am saying that there is something wrong with the Government, no, what I am saying is that there is need to respond so that the people are aware, there is confidence that the problems are being tackled. Today there is lack of confidence, this is the first item which needs to address, there is lack of confidence in the economy of Pakistan. Mr. Chairman, as you know, there is massive flight of capital from Pakistan and any person with any resources is trying to shift his resources and money to Dubai or other places. Why to Dubai because indeed it is more secure in that place. So, therefore, we need to establish confidence of the investors, confidence of the Pakistani businessmen in the economy of Pakistan for which the Prime Minister needs to take measures both at the political and economic level. I share the views of Professor Khurshid Ahmad when he said that we find that there is weakness in the economic team which needs to be strengthened.

The other matter which requires immediate attention of the Prime Minister is the situation in the Tribal areas and situation in Balochistan, there is almost the situation which is, as I said again an alarming situation, we heard of the members of the Armed Forces, the established forces of the Pakistan Armed Forces, are just taken over, the police stations are taken over. There is exudes from these areas into the other areas and this creates again a situation of deep concern. Similarly in Balochistan, yes, Balochistan has had problems, there is a feeling of deprivition but again

we notice tendencies which are causing grave concern to people who believe in the Federation of Pakistan and who believe in strengthening the Federation of Pakistan.

There are, of course, challenges at various other levels also. We don't have the time that I should dwell, at length, on the variety of challenges that the country is facing. We face foreign policy challenges, we need to structure our foreign policy in such a way as we can ensure the stability and security of the country. The entire pupose of having a foreign policy is to ensure the stability and the security of the country and we are facing challenges to which reference has been made by my colleague Mr. Ishaq Dar. He has mentioned the designs of some outside powers, designs which are meant to harm the interest of Pakistan. I am sure, we have faced these challenges in the past and the people of Pakistan will not allow these challenges to go un-noticed and they will throw out any attempt by any person, whether it was a super power or not a super power; the people of Pakistan have the courage, the strength, the determination to face these challenges and to ensure the integrity and the security of Pakistan.

Nevertheless the Government needs to be aware of these designs by some people, outside Pakistan, inside Pakistan and to take appropriate measures at the foreign policy level, to ensure that these designs are frustrated and made ineffective.

Sir, the law and order situation in the country also calls for concern, also calls for adequate measures. The incidents which are taking

place everyday in various towns, which are reported by the various newspapers, I am sure the Prime Minister is aware of that. There are longer term challenges, I do not want to burden the record of this House or the Prime Minister with longer term challenges. I am sure, he will come again and I do hope that he will come again, so that he will be able to respond and not only respond but also to at least listen to the points of view being expressed by the various honourable members and make appropriate policy response to them. Thank you sir.

**Mr. Acting Chairman:** Thank you. Col. Tahir Mushhadi please represent MQM.

**Senator Col. (Retd.) Syed Tahir Hussain Mashhadi:** Thank you Mr. Chairman. On behalf of Mutenida Qaumi Movement, it gives a great pleasure to welcome the honourable Prime Minister of Pakistan to this House today. It augurs well for democracy and it also augurs well for our attempts by the Government and by the other parties to enhance supremacy, respect, dignity of Parliament, specially of the Upper House.

Sir, Mutahida Qaumi Movement supported Pakisan People's Party in the Province of Sindh in the national interest. Unconditionally, we did it, so that the urban, rural divide would get closer. We did it in the interest of unity of the people, of the wonderful nationalities which constitute the province of Sindh and that Government is functioning very well. Later on Mutahida Qaumi Movement unconditionally, with no condition

whatsoever, supported the Prime Minister in his election to this august post because we thought that he was the best man for the job and the Pakistan People's Party by virtue of his mandate which the people of Pakistan had given it, deserves to have their own Prime Minister.

Our Leader Mr. Altaf Hussain observed very closely the Co-Chairperson of Pakistan People's Party Mr. Asif Ali Zardari, especially his handling of the situation after the tragic and heinous assassination of Mohterma Benazir Bhutto *shaheed* and the way he brought the people around to national unity. Then his handling of the exit of General Musharraf, he showed remarkable statesmanship and his efforts for national reconciliation and his desire for national unity and that is why unconditionally again, he nominated Mr. Asif Ali Zardari to be the President of Pakistan and Mutahida Qaumi Movement unconditionally supports him. We do this in the national interest, in the democratic interest and in the best democratic traditions. Mutahida Qaumi Movement represents the poorer of the poor, the lower middle class and middle class segments of Pakistan's population. We are an ideological party with our own principles and we stand for a democratic Pakistan and a progressive Pakistan, a strong Pakistan which is modern and which is a wonderful place for all nationalities which constitutes this land of ours, to live with peace and honour.

We hope that the Pakistan People's Party will not let the assassination of Mohterma Benazir Bhutto go in vain. She was a remarkable personality who struggled throughout her life against military

dictatorships. She fought for the poor, meek and humble of this land and we like-wise do that. And we hope that the Pakistan People's Party this time now for the betterment of the poor masses of Pakistan will try to put an end to this spiral of prices which is going on and making the life of the people absolutely unbearable. They will try to create more jobs, they will create employment opportunities and they will clamp down and create a better law and order situation, so that the investment returns to Pakistan. But most of all, whole of Pakistan but especially, the people of Karachi have undergone utter misery, hardship, piracy because of the power outrages. We know its not a mere government but they have the authority, so they must accept the responsibility and they must do something for the electrical breakdowns that are hampering our lives and making lives miserable, especially Karachi which is the industrial capital of Pakistan, the industries are at standstill, trade is at standstill, the hospitals are not functioning, the school children are suffering, the people are suffering and we hope that the honourable Prime Minister will take heed of it. We will support them fully. The all poor people, poor Pakistan and poor democrats, actually whichever they....., they have our full support in this and I am convinced that we can go forward with the greatest underlined confidence. If we Mr. Chairman, have the wit, the vow and the faith and the persistence to do so. Thank you Mr. Chairman.

جناب قائم مقام چیئرمین : Thank you جی۔ رازق خان صاحب فاٹا کے Senators کی نمائندگی کریں، اس کے بعد مولانا گل نصیب صاحب۔

سینیٹر عبدالرازق: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ جناب چیئرمین۔ سب سے پہلے میں Prime Minister صاحب کو اس ایوان میں تشریف آوری پر welcome کرتا ہوں اور امید ہے کہ انشاء اللہ یہ روایت آئندہ بھی برقرار رہے گی۔

جناب چیئرمین! اس وقت پورا پاکستان ایک عجیب گونا گوں کیفیت میں مبتلا ہے' پاکستان کے لوگوں میں بے چینی ہے اور خاص طور پر اس ملک کے مستقبل کے متعلق لوگ پریشان ہو رہے ہیں۔ جو اچھے لوگ ہیں وہ یہاں سے نکلنے کا سوچ رہے ہیں' بہت سے لوگ اپنا سرمایہ باہر tansfer کر رہے ہیں۔ یقیناً ایسی باتیں اس ملک کے مفاد میں نہیں ہیں۔جناب چیئرمین! اگر ہم اپنے روپے کی قیمت کو دیکھیں' وہ جس تیزی سے devalue ہو رہی ہے اور لوگ dollarisation کی طرف جا رہے ہیں یہ بڑی alarming باتیں ہیں۔ جناب چیئرمین! میں آپ کی اور محترم وزیراعظم کی توجہ اپنے علاقے فاٹا کی طرف مبذول کرانا چاہوں گا۔ اس وقت فاٹا میں جو صورت حال ہے وہ کسی سے پوشیدہ نہیں ہے۔ جناب چیئرمین! اگر آپ پرسوں کے Newspapers دیکھ لیں اور مجھے یقین ہے کہ آپ کے علم میں ہوگا کہ صرف ایک دن میں کرم ایجنسی میں پچانوے ہلاکتیں ہوئی ہیں' باجوڑ میں تقریباً نو ہوئی ہیں اور درہ آدم خیل میں تین ہلاکتیں ہوئی ہیں جو ایک دن میں صرف ایک سو بارہ ہلاکتیں ہیں۔ کیا ہم حالت جنگ میں ہیں۔ یہ جو کچھ ہمارے علاقے میں ہو رہا ہے' یہ کس کے لیے ہو رہا ہے' یہ سب سوچنے کی باتیں ہیں۔جناب چیئرمین! میرے علاقے درہ آدم خیل میں گزشتہ چار دن سے اپریشن جاری ہے جس میں مسلسل دن رات سویلین لوگوں پر گولہ باری ہو رہی ہے۔ اگر حکومت کے objects ہیں وہ اپریشن کرنا چاہتی ہے تو اس کا کوئی طریقہ کار ہوتا ہے۔ رات ڈیڑھ بجے پشاور کی طرف سے آرٹلری استعمال ہوتی ہے اور مجھے رات ڈیڑھ بجے وہاں سے فون آتے ہیں۔ اس میں عورتوں' بچوں اور سب کی چیخیں سنتا ہوں۔وہاں بے گناہ لوگ مارے جا رہے ہیں۔ حالت یہ ہوگئی ہے کہ ہماری دو اقوام ایک سنی خیل اور ایک شہ رکی کے نام سے جانے جاتے ہیں۔ وہ محصور ہوگئے ہیں ان کو محفوظ راستہ نکلنے کا نہیں مل رہا ہے۔ہزاروں کی تعداد میں لوگ محصور ہیں۔

(اس موقع پر ہاؤس میں اذان ظہر سنائی دی)

جناب قائم مقام چیئرمین: جی رازق صاحب جاری رکھیں۔ مختصر کرتے جائیں تاکہ باقی دوست بھی بول سکیں۔

سینیٹر عبدالرازق: جناب چیئرمین! جیسا کہ میں ذکر کر رہا تھا' ہماری دو اقوام کے ہزاروں کی تعداد میں لوگ ابھی اس علاقہ میں محصور ہو گئے ہیں اور چار روز سے مسلسل وہاں پر کرفیو نافذ ہے جس کی وجہ سے سویلین لوگ اپنے علاقوں سے نکل نہیں سکتے ہیں۔ جو militants ہیں یا طالبان ہیں وہ تو اپنے علاقوں سے نکل چکے ہیں لیکن اس وقت سویلین لوگوں کو بڑی پریشانی ہے۔ میری آپ کے توسط سے وزیراعظم صاحب سے یہ request ہے کہ اس سلسلے میں فوری طور پر اقدامات کیے جائیں اور ان لوگوں کو safe passage دیا جائے۔ اس کے علاوہ ہماری کرم ایجنسی' خاص کر پاڑہ چنار وہاں پر کافی عرصے سے جو مسائل پیدا ہوئے ہیں اور علاقہ بالکل land lock ہوچکا ہے تو میری وزیراعظم سے درخواست ہے کہ پاڑہ چنار کے لیے خصوصی طور پر دوائیاں اور خصوصی طور پر جو ضروری اجناس ہیں ان کی فوری ترسیل کی جائے۔ ہیلی کاپٹر سروس' جیسا کہ انہوں نے پہلے منظور کی تھی' وہ فوری طور پر شروع کی جائے۔ باجوڑ اور فاٹا میں جو آپریشن ہو رہا ہے اس کو اپنے objects تک محدود رکھا جائے۔ فاٹا کے مسائل میں سب سے بڑی وجہ بے روزگاری ہے' جب تک فاٹا کے جوانوں کو ملازمتیں نہیں دیں گے یہ بے چینی ہمارے جوانوں میں موجود رہے گی اور اس کے نتائج پورے ملک کے لیے خطرناک ہوں گے۔ شکریہ۔

جناب قائم مقام چیئرمین: شکریہ۔ مولانا گل نصیب صاحب۔ میں وزیراعظم سے گزارش کروں گا کہ دو تین خواتین سپیکرز کہتی ہیں کہ female gender کا ضرور خیال کیا جائے۔ طارق عظیم صاحب بھی کہتے ہیں کہ مجھے بھی موقع ملے وہ female gender میں تو نہیں آتے ہیں وہ تو male gender میں آتے ہیں لیکن کہتے ہیں موقع ضرور دیں۔

سینیٹر مولانا گل نصیب خان: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ جناب چیئرمین! سینیٹ کی حالیہ تاریخ میں سب سے اہم موقع پر آپ نے مجھے اظہار خیال کا موقع دیا۔ سب سے پہلے میں محترم جناب وزیراعظم صاحب کو سینیٹ میں آنے پر خوش آمدید کہتا ہوں اور بجا طور پر

یہ توقع رکھتا ہوں کہ آمریت کے خلاف ہونے والی جدوجہد میں اس وقت مخلوط حکومت کو جو اس ملک کا اقتدار ملا ہے اس میں ہم مخلوط حکومت کے ایک مضبوط پارٹنر کی حیثیت سے حکومت کے ساتھ ہیں۔

جناب چیئرمین! بہت سارے اقدامات اب تک ہوئے ہیں آمریت سے اقتدار لینے کے بعد لیکن بہت ساری مشکلات اور challenges ابھی بھی باقی ہیں جن کی طرف خصوصی طور پر وزیراعظم صاحب کی اور حکومت کی توجہ مطلوب ہے۔ محترم جناب چیئرمین! اس وقت سب سے اہم سوال قومی سلامتی کا ہے۔ 23 جولائی کو جمعیت العلمائے اسلام کے مرکزی امیر جناب قائد حضرت مولانا فضل الرحمن صاحب کی کوششوں سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا تھا جس میں مخلوط حکومت کے تمام سربراہان تھے اور جس میں سیکیورٹی کی تمام اہم شخصیات تھیں اور جس میں ملک کی پوری صورت حال کو سامنے رکھتے ہوئے خالصتاً قومی سلامتی کے عنوان پر بات ہوئی تھی۔ ہمیں اس بات سے اتفاق ہے کہ کئی اقدامات ابھی کرنے ہیں' ججوں کی بحالی ہے' لوڈشیڈنگ کا خاتمہ ہے' مہنگائی کا خاتمہ ہے ان سب پر قوم کی نظریں لگی ہوئی ہیں اور قوم انتظار میں ہے لیکن جیسے صدر کے مواخذہ اور اس سے پہلے ہی اس نے استعفیٰ دے دیا' یہ مخلوط حکومت کی ایک کامیابی ہے۔ اسی طریقے سے اس وقت رمضان المبارک کے لیے عارضی طور پر باجوڑ اور فاٹا کا آپریشن بند کرنا بھی کامیابی ہے جامعہ فریدیہ کو تعلیم کے لیے کھولنا یہ بھی ایک کامیابی ہے۔ لیکن جناب چیئرمین! میں بصد احترام عرض کروں گا کہ صوبہ سرحد اور فاٹا جو قبائلی علاقہ ہے اور پشتونخواہ اور بلوچستان میں وہ لوگ بجاطور پر یہ پوچھنے میں حق بجانب ہیں کہ گولیاں کس طرف سے چلائی جا رہی ہیں' کون مارے جا رہے ہیں' کس کے خلاف operations شروع ہیں اور کب تک جاری رہیں گے؟ جناب چیئرمین! اگر ایک گورنمنٹ ہوائی جہاز کی بمباری سے اپنے علاقے کے اندر حالات control کرنے کی position میں آ جاتی ہے تو ایک سوچ پیدا ہو گی کہ ملک کے ان علاقوں میں رہنے والوں کے ساتھ کیا سلوک ہو رہا ہے اور اور پھر ان باشندگان وطن کے جذبات اور سوچ کیا ہو گی؟ اس وقت باجوڑ' سوات' کرم ایجنسی' خیبر ایجنسی' جنوبی وزیرستان' شمالی وزیرستان اور ہنگو میں ایک خطرناک صورتحال جاری ہے اور لوگوں کی آہ و بکا اور ان کی چیخ و پکار کی آواز اگر سن لی جائے تو کلیجہ منہ کو آ جاتا ہے۔ لہٰذا جناب چیئرمین! ہم آمریت کے خلاف coalition

partners کے طور پر ایک طاقتور کی حیثیت سے ہیں اور رہیں گے تاکہ حالات کا مقابلہ کر سکیں۔ اس مسئلے کو حل کرنے کے لیے پہلے بھی میں نے گزارش کی تھی کہ regional اور خطے کے طور پر اس مسئلے کو اٹھایا جائے اور اس وقت تمام جماعتوں کو اعتماد میں لینے کے لیے All Parties Conference بلائی جائے اور ملک کی سلامتی کے agenda پر اس بات کو رکھا جائے اور پوری قوم کو اعتماد میں لیا جائے۔ اگر ہم اپنے لوگوں پر گولیاں برساتے ہیں تو آج آرمی کے خلاف جو نفرت اور منفی جذبات قوم میں ہیں وہ ملک کی سلامتی کے لیے کبھی مفید نہیں رہیں گے۔ میں آپ کا بے حد شکر گزار ہوں اور امید کرتا ہوں کہ محترم وزیر اعظم سینیٹ کو ایسے ہی اہمیت دیتے رہیں گے جیسے انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا ہے۔ شکریہ۔

**جناب قائم مقام چیئرمین:** حاجی عدیل صاحب آپ ANP کے representative ہیں، آپ تیزی سے آگے بڑھیں کیونکہ ٹائم بہت کم ہے اور خالی پیٹ لوگوں کا energy level down ہو جاتا ہے۔

**سینیٹر حاجی محمد عدیل:** جناب! میں سب سے پہلے وزیر اعظم صاحب کا خیر مقدم کر چکا ہوں لیکن چاہ یوسف سے عزیز یوسف ملنے کی مبارکباد میں آپ کو دے نہ سکا جو اب دے رہا ہوں۔ مجھے آپ سے اس وقت کچھ مانگنا نہیں ہے کیونکہ آپ اور آپ کی پارٹی کے قائد نے ہم سے یہ وعدہ کیا ہے کہ آپ ہمارے صوبے کو ہمارا نام دیں گے، ہمارے صوبے کو پختونخواہ کا نام دیں گے، آپ نے یہ بھی وعدہ کیا ہے کہ تمام صوبوں کو provincial autonomy دی جائے گی۔ Concurrent list ختم کر دی جائے گی۔ آپ نے یہ بھی وعدہ کیا ہے کہ صوبوں کے resources ان کے حوالے کیے جائیں گے جیسے کہ بلوچستان کی سوئی گیس کی royalty اور سرحد کے پانی سے پیدا کردہ بجلی کی royalty مرکز کے ذمے ہے۔ اس وقت میرے صوبے سے تعلق رکھنے والے دوستوں نے کافی تفصیل سے وہاں کی صورتحال پر روشنی ڈالی ہے، میں انہیں repeat نہیں کروں گا لیکن اگر آپ نے دو چار دن پہلے پختونخواہ کی اسمبلی میں سوات کے اراکین کی باتیں سنی ہوں، اخباروں میں پڑھی ہوں تو پھر یقیناً آپ کے علم میں ہو گا کہ وہ وہاں کی forces کی کارکردگی سے مطمئن نہیں ہیں۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ رات کو curfew لگ جاتا

ہے لیکن اسی رات کے اندھیرے میں وہاں کے منتخب نمائندوں کے بھائیوں کو' بیٹوں کو اور گھروں کے افراد کو لائن میں کھڑا کر کے قتل کر دیا جاتا ہے۔ خان لالہ کے گھر پر حملہ ہوتا ہے اور وہ جب حملے میں ناکام ہوتے ہیں تو پھر ان کی دکانیں اور عمارات جلائی جاتی ہیں۔ کل کے اخبارات میں ایک مسلم لیگ کے قائد کے گھر کو تباہ کر دیا گیا' آخر curfew کے دوران یہ کون لوگ ہیں اور کن کن positions میں ہیں اور کس کی نگرانی میں آتے ہیں اور اپنی کارکردگی دکھا کر واپس چلے جاتے ہیں۔ جناب وزیراعظم صاحب! وہ forces اور agencies جن کی ذمہ داری لوگوں کی حفاظت کرنا ہے کم از کم سوات کے حوالے سے ہم مطمئن نہیں ہیں۔ میں مختصراً آپ سے یہی کہوں گا کہ اقتصادی طور پر تو ہمارا صوبہ ختم ہو چکا ہے' سوات سے tourism ختم کر دی گئی' اب تو سوات کا پھل' سیب وغیرہ اس موسم میں دوسرے علاقوں میں نہیں بھیجے جا سکتے۔ سوات کے لوگوں کی اکثریت اپنے گھروں کو چھوڑ چکی ہے۔ یہی حالت فاٹا کے مختلف علاقوں کی بھی ہے۔ میری استدعا ہے کہ اس بارے میں آپ غور کریں کہ terrorism کو ختم کرنے کے لیے جن لوگوں پر آپ depend کر رہے ہیں آیا وہ آپ کے احکامات کی پوری تعمیل کر رہے ہیں یا انحراف کر رہے ہیں؟ آپ کا بہت بہت شکریہ۔

جناب قائم مقام چیئرمین: میری اراکین سے گزارش ہے کہ پی ایم صاحب کی بہت سی commitments ہیں اس لیے ہمیں وقت کا خیال رکھنا چاہیے۔ جی میڈم طاہرہ لطیف صاحبہ۔

سینیٹر طاہرہ لطیف: شکریہ جناب چیئرمین صاحب! میں سب سے پہلے وزیر اعظم صاحب کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ وہ آج سینیٹ میں تشریف لائے۔ ہم تمام اراکین ان کی اس بات سے خوش ہیں۔ وزیر اعظم صاحب! ہمیں یہ تو معلوم ہے کہ آپ کو ہر چیز کا پتا ہے کہ کہاں کیا ہو رہا ہے لیکن ہم چونکہ عوام میں جاتے ہیں اس لیے میں کچھ باتیں آپ سے کرنا چاہتی ہوں' وہ یہ ہیں کہ غربت بہت زیادہ ہو گئی ہے اور مہنگائی بھی حد سے زیادہ ہے اور یہ آسمان کو چھو رہی ہے۔ میں آپ کو ایک تجویز دیتی ہوں کہ اگر آپ عوام کے لیے صرف رمضان میں آٹا' چاول' دالیں اور چینی سستی کر دیں اور ان کی utility stores پر فراوانی کر دیں تو لوگ بہت زیادہ

خوش ہوں گے اور آپ کو دعائیں دیں گے۔ اس کے ساتھ ساتھ law and order کی یہ situation ہے کہ مائیں کہتی ہیں کہ جب ہم بچوں کو سکول بھیجتی ہیں تو ہم اس وقت تک پریشان رہتی ہیں جب تک بچے سکول سے واپس آ نہیں جاتے اور وہ دروازوں پر کھڑی بچوں کا انتظار کر رہی ہوتی ہیں۔ باتیں اور بھی ہیں لیکن time کی shortage کی وجہ سے آپ کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: شکریہ۔ میڈم گلشن سعید صاحبہ۔ خواتین کے بعد پھر طارق عظیم۔

سینیٹر گلشن سعید: جناب چیئرمین! میں وزیر اعظم صاحب کو welcome کرتی ہوں۔ میں نے اپنی پچھلی تقریر میں بہت زیادہ شور مچایا تھا کہ چھ ماہ گزر گئے ہیں لیکن وزیر اعظم صاحب کبھی سینیٹ میں تشریف نہیں لائے اور نہ ہی وہ Senators کو کچھ سمجھتے ہیں۔ آج مجھے سب سے زیادہ خوشی ہے کہ وہ تشریف لائے ہیں۔ میں یہ سمجھتی ہوں کہ یہ جمہوریت کا ایک حصہ ہے کہ جب بھی گورنمنٹ آئے تو اپوزیشن والے ہوں چاہے گورنمنٹ والے ہوں آپس میں مل کر گورنمنٹ کو چلانے کی اور ملک کو بہتری کی طرف لے جانے کی کوشش کرنی چاہیے۔ میرا یہی خیال ہے کہ ہم سب کو یہ کوشش کرنی چاہیے کہ جو ہمارے problems ہیں ہم وزیر اعظم صاحب کو بتائیں تاکہ ان کو جو علم ہے اس کے علاوہ بھی جو باتیں ہم کرنا چاہیں وہ سنیں اور ان پر عمل کریں۔ جناب والا! اس وقت دو بڑے issues ہیں ان میں ایک تو security کا ہے، میں سمجھتی ہوں کہ بہت سے لوگوں نے security کی بات کی ہے، اس لیے میں لمبی تفصیل میں نہیں جاؤں گی مگر ہمارے ملک کو سب سے زیادہ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم secure ہوں۔ ہمارا ملک secure ہوگا تو یہاں پر لوگ آئیں گے اور ہم آگے بڑھ سکیں گے، تجارت بھی کر سکیں گے، investment بھی آئے گی اور اس کے علاوہ یہ ہے کہ جب تک امن نہ ہو، کوئی انسان security feel نہیں کرتا۔ اس وقت ساری قوم بے چین ہے۔ حالات پہلے سے بہتر ہیں۔ اخباروں میں دو تین دن سے جو خبریں آ رہی ہیں، میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتی ہوں کہ کچھ علاقوں میں جو لوگ باہر سے گھس بیٹھیے آئے تھے، ان کو ختم کیا گیا ہے۔ یہ بڑی خوش آئند بات ہے

اور میں سمجھتی ہوں کہ اس پر عمل کر کے اپنے ملک کو ان چیزوں سے پاک کر دینا چاہیے۔

جناب چیئرمین! دوسرا جو اہم issue ہے وہ یہ ہے کہ ہماری economy بالکل برباد ہے، میری اس میں ایک suggestion ہے وزیراعظم صاحب کے لیے، اگر وہ غور کریں، کہ ہاؤس میں بار بار وکیلوں کا ذکر ہوتا ہے کہ ان کو reinstate کیا جائے کیونکہ وکیلوں کے ساتھ زیادتی پچھلی حکومت میں ہوئی تھی، میں سمجھتی ہوں کہ ایک list منگوالیں ان لوگوں کی جن لوگوں نے اربوں روپے معاف کروائے ہیں، وہ سارے یہ secure کریں، اپنے لیے، اس قوم کے لیے، اس گورنمنٹ کے لیے۔ یہ ایک بڑا serious problem ہے کہ لوگ پچاس پچاس، سو سو ارب روپے معاف کروالیتے ہیں۔ کیوں کروالیتے ہیں؟ یہ قوم کا پیسہ ہے، یہ اس کا پیسہ ہے جو ہم لوگوں نے دیا ہے؟ ان کو چاہیے کہ وہ پیسے ان لوگوں سے secure کر کے State Bank میں جمع کریں تاکہ ہمارا ملک چل سکے، ہمیں کسی کے آگے ہاتھ نہ پھیلانا پڑے۔ اس میں کوئی بری بات نہیں ہے، اس کو کوئی انتقامی کارروائی نہیں کہے گا کیونکہ اربوں روپے قرضے لینے والوں کو معاف کرانے کا کوئی حق نہیں پہنچتا۔ میں سمجھتی ہوں کہ وزیراعظم صاحب کو list منگوانے کے بعد، یہ سارے قرضے واپس State Bank میں جمع کروانے چاہییں تاکہ اس وقت ہمارے ملک کی کرنسی کی جو حالت ہے، وہ بہتر ہو۔

جناب والا! تیسری بات یہ ہے کہ ہماری imports پر بہت سارا پیسہ خرچ ہوتا ہے جو کہ بے کار ہے۔ اس میں چائے، آئل اور تعیش کا سامان شامل ہے۔ ان پر بالکل پابندی عائد کرنی چاہیے تاکہ ہمارا پیسہ foreign exchange کی شکل میں باہر نہ جائے۔ اس معاملے میں ان کو چاہیے کہ کچھ کریں۔ چائے ایسی چیز نہیں کہ جس کے بغیر گزارہ نہ ہو، قومیں بڑی بڑی قربانیاں دیا کرتی ہیں۔ اگر ہم دن میں پانچ دفعہ چائے پیتے ہیں تو ایک دفعہ پینے سے پیسہ آدھا رہ جائے۔ میں سمجھتی ہوں کہ اس کی import پر بہت زیادہ پیسہ خرچ ہوتا ہے۔ آئل کی import پر بھی بہت زیادہ خرچ ہوتا ہے۔ اخباروں میں اس طرح دکھایا جاتا ہے کہ آٹے جیسی قیمتی اور ضروری شے کوئی نہیں۔ میں وزیراعظم صاحب سے کہوں گی کہ رمضان المبارک کے مہینے میں غریب لوگوں کو آٹا فراہم کریں، سستا بھی کروائیں اور ان کا زیادہ خیال رکھیں جن لوگوں نے قربانیاں دیں۔ میں نے جو بات کی قرضوں کی، یہ ان سب لوگوں سے واپس لیے جائیں جن لوگوں نے معاف

کروائے۔ شکریہ۔

جناب قائم مقام چیئرمین: طارق عظیم صاحب۔ تھوڑا مختصر کرتے جائیں' پرائم منسٹر صاحب نے کہیں جانا ہے' انہوں نے ہم لوگوں کی وجہ سے delay کیا ہوا ہے۔

Senator Tariq Azeem Khan: Let me also add my voice to those in welcoming the Prime Minister first time in the Senate and

یہ جو انہوں نے Opposition Benches کا خیر سگالی کا دورہ کیا' وہ تو diplomacy کہ demands

I don't put any hard and pinching questions but while I am taking advantage of his presence

ابھی recently پرائم منسٹر صاحب نے دو بیان دیے' میں اس کے بارے میں ان سے پوچھنا چاہوں گا کہ کیا یہ بیانات ٹھیک تھے اور اگر دیے گئے ہیں تو کیسے دیے گئے۔ پچھلے تین ماہ میں بجلی میں 61 فی صد increase ہو چکی ہے' بجلی کے rates میں جو increase کی گئی ہے اس کے بارے میں پرائم منسٹر صاحب نے ایک بیان دیتے ہوئے فرمایا کہ ہم نے یہ کام یعنی بجلی کی قیمتوں میں اضافہ I.M.F. اور World Bank کے کہنے پر کیا ہے۔ جناب' یہ ایک بڑی ہی تشویشناک بات ہے کہ

now we are taking dictation from I . M . F . and the World Bank even we when determine the prices of our basic things like oil , gas and electricity.

دوسری چیز جو پرائم منسٹر صاحب نے کہی وہ یہ تھی کہ oil companies کو 32 ارب روپے ہم نے pay کرنے ہیں اور اگر ہم یہ واپڈا کو pay کردیں تو loadshedding میں کمی آجائے گی۔ میں پرائم منسٹر صاحب سے پوچھنا چاہوں گا کہ اگر ہم نے payment کرنی ہے' جس کی وجہ سے عوام پسے جارہے ہیں' جیسے آپ دیکھیں 16-18 گھنٹے لوڈ شیڈنگ ہورہی ہے تو why we are not paying that 32 billion اگر پرائم منسٹر صاحب کو اس کا علم ہے۔ Mr.

بارہا یہ کہا جاتا ہے Chairman, while I am on the floor, just let me add one thing, کہ جی پچھلے پانچ سال میں ایک megawatt بجلی کا اضافہ نہیں کیا گیا' کوئی ایک بھی نیا project شروع نہیں کیا گیا۔ پرائم منسٹر صاحب کی presence میں ان سے میں یہ کہنا چاہوں گا کہ انہوں نے ایک بڑے اچھے اور smart وزیر صاحب تو ضرور دے دیے ہیں' بڑا اچھا smile دیتے ہیں اور بڑی اچھی اچھی باتیں کرتے ہیں' میرے دوست ہیں لیکن میرا خیال ہے میں کچھ information ان کو دینا چلوں۔ جناب پچھلے پانچ سال میں جو power add کی گئی in public and private sector وہ 2,207 megawatts تھی' جس کی detail یہاں پر موجود ہے' جو میں چاہوں گا کہ پرائم منسٹر صاحب کو دے دوں۔ جو projects public sector میں launch کیے گئے' وہ 5,992.4 megawatts کے تھے' یہ projects ابھی in pipeline ہیں لیکن انشاء اللہ they will be on board. 2009-10 تک اس کے علاوہ power projects private sector میں جو pipeline میں ہیں' وہ 4,837 megawatts کے ہیں' یعنی 2012 تک total 10,829 megawatts add کیے جائیں گے۔ یہ وہ projects ہیں جو ہماری حکومت کے درمیان launch کیے گئے۔ شکریہ۔

جناب قائم مقام چیئرمین: آج بڑا مزہ آرہا ہے۔ جس طرح صحافی آپ کو question کرتے تھے جب آپ Information Minister ہوتے تھے' اسی طرح آج آپ ادھر question کر رہے ہیں۔ Good experience, مطلب سیکھ گئے ہیں۔ جی ہارون اختر صاحب۔

Senator Haroon Khan: Thank you Mr. Chairman. Like all my colleagues, I would like to welcome the Prime Minister in this House...

ان کا ایک بہت لمبا political career رہا ہے اور انہوں نے نہ صرف اپنی party کے لیے بلکہ اس ملک کے لیے بڑی قربانیاں دی ہیں'

I will make use of his time here and I have one concern and that is about the economy and some of it might be repetition but I would like to say it again because it is important.

Mr. Prime Minister, the country is currently in great unprecedented high inflation amid weakening Rupee, eroding purchasing power, crashing stock markets, flight of capital, diminishing productivity, rising unemployment, crumbling law and order, mounting insecurity, stagnating economic growth and a rapidly deteriorating industrial environment. The economy has almost reached a precipice and there is a growing concern that the Government is indifferent and apathetic towards all this and that the Government has not put its act together. Mr. Prime Minister, I might sound depressing but I am sure with your experience and with your track record, you must have a plan chalked out to take this country out of this economic turmoil. I would like and I would request you to shed some light on this during your speech. Thank you very much.

Mr. Acting Chairman: Thank you very much. Before the next speaker

میں پرائم منسٹر صاحب کے نوٹس میں دو باتیں ضرور لانا چاہتا ہوں۔ ایک تو کرم ایجنسی میں' عبدالرازق نے بھی ذکر کیا' شیعہ سنی کے مسائل کا سامنا ہے۔ دوسرا' ہزارہ یونیورسٹی کا مسئلہ ہے۔ آپ لوگ تھوڑا ٹائم نکال کر پرائم منسٹر صاحب سے ملیں ان چیزوں میں تو بہتر ہے' follow up بھی ہو گا۔ جی نصیر مینگل صاحب۔

سینیٹر میر محمد نصیر مینگل: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ پہلے تو ہم پرائم منسٹر صاحب کو خوش آمدید کہتے ہیں کہ یہاں تشریف لائے اور welcome کرتے ہیں۔ ساتھ ہی چونکہ بلوچستان کا issue ہے' انہوں نے جب سے اقتدار سنبھالا ہے' حکومت میں آئے ہیں' انہوں نے ایک مفاہمتی رویہ اختیار کیا ہوا ہے۔ چند معروضات میں پیش کرنا چاہتا ہوں کہ پچھلے ادوار میں بلوچستان میں چار پانچ insurgencies ہوئیں' ان کا کوئی result نہیں نکلا۔ معافی نامہ ہوکر دوبارہ شروع ہوا۔

1958 میں' ایوب خان کے زمانے میں مارشل لاء لگا' insurgency ہوئی' سات آدمیوں کے ساتھ نواب نوروز خان کو پھانسی ہوئی' ہزاروں لوگ جیلوں میں گئے' all of a sudden معافی نامہ ہوگیا' آگے مسئلہ ختم نہیں ہوا۔ پھر 67-1962 تک وہاں insurgency رہی' وہاں علی محمد مینگل' سخا خان زہری' لوان خان مینگل' کئی ایسے کمانڈرز تھے اور ہزاروں ایسے لوگ تھے جو مارے گئے اور جیلوں میں گئے۔ پھر ایک قسم کے معافی نامے کا اعلان ہوا' جس سے مسئلہ حل نہیں ہوا۔ پھر 77-1973 تک ہوا' بمباری ہوئی' آپریشن ہوا لیکن مسئلے کا حل نہیں ہوا' ایک معافی نامے کے ذریعے۔ میری ان سے گزارش ہے کہ اس سلسلے میں اگر اقدامات کیے جائیں' تمام لوگوں کو اعتماد میں لیا جائے۔ بلوچستان کا ایک وسیع علاقہ ہے ' easternبلوچستان ہے' western بلوچستان ہے۔ سراوام' جھالاوام ہے پھر ان کی pockets ہیں۔ تمام لوگوں کو اعتماد میں لیا جائے جو پارلیمنٹ میں ہیں' سینیٹ میں ہیں' قومی اسمبلی میں یا صوبائی اسمبلی میں ہیں۔ ایسے بھی لوگ ہیں جو آپ کی اسمبلیوں میں نہیں ہیں لیکن ان کی بہت اہمیت اور قدر ہے' ان کی آواز سنی جاتی ہے' لہذا اگر کوئی چیز اخلاص کے ساتھ کرنا ہے ' بلوچستان کے مسئلے کو ختم کرنا ہے ' پہلے چار insurgencies کی طرف سے معافی ہو کر پھر دوبارہ وہ سر اٹھائے ' وہ چیز نہیں ہونی چاہیئے۔ لہذا گزارش ہے کہ پچھلا جو واقعہ گزرا ہے ان کا ایک قسم کا تلخ تجربہ ہے تو اس دفعہ وہ نہیں دہرانا چاہیے اور رحمٰن ملک صاحب سے بھی ان کی وساطت سے میں یہی کہوں گا کہ جب وہ consult کریں تو تمام کو' یہاں دو' چار سینیٹرز کو briefing دی گئی' باقیوں کو نہیں چونکہ بلوچستان کی سب نمائندگی کرتے ہیں' سب کو confidence میں لینا چاہیے۔ بلوچستان کے مسائل حل کرنے کے لیے سب سے ضروری ہے کہ یہ حکومت ایک ایسا special package دے یا رقبے کے لحاظ سے بلوچستان کے لیے funds مہیا کرے تاکہ وہاں احساس محرومی ختم ہو اور کچھ development ہو۔ یہ ذوالفقار علی بھٹو صاحب کی پارٹی ہے-----

(مداخلت)

سینیٹر میر محمد نصیر مینگل: میری گزارش ہے کہ بلوچستان کا مسئلہ کبھی حل نہیں ہوا اور وزیر اعظم صاحب چھ مہینے کے بعد یہاں سینیٹ میں پہلی دفعہ تشریف لائے ہیں تو میری

باتیں سنیں۔ اس لیے میں چاہتا ہوں کہ ان کی توجہ اس طرف ہو اور ہم جو تجاویز دیں ان پر عملدرآمد ہو اور اس حکومت کو یہ credit جائے کہ بلوچستان کا مسئلہ ابدی طور پر حل ہو' وقتی طور پر نہ ہو۔

جناب والا! ملازمتوں کے سلسلے میں میں ایک اور تجویز دوں گا کہ بہت عرصے سے بلوچستان کو ignore کیا گیا ہے جتنی vacancies ہیں پہلے at par لا کر ان کو پر کر دیا جائے ۔ ذوالفقار علی بھٹو کے زمانے میں جیسا کہ چیئرمین صاحب آپ کو معلوم ہے کہ ایک special action لیا گیا جس میں direct DSPs and ASPs بھرتی کیے گئے اور ایک حد تک وہاں employment کا مسئلہ حل ہوگیا۔ ان سے بھی یہی توقع کرتے ہیں کہ یہ ان کی پارٹی ' ان کے نقش قدم پر چلتے ہوئے ایسے اقدامات کریں گے تاکہ لوگوں کو روزگار مہیا ہو اور لوگ تخریبی کارروائیوں کی طرف نہ جائیں۔

جناب والا! بلوچستان کا احساس محرومی ختم کرنے کے لیے سب سے بڑا اہم مسئلہ یہ ہے کہ رقبے کے لحاظ سے فنڈز دیے جائیں یا ایک special package دے کر دوسرے صوبوں کے at par لایا جائے تاکہ ایک بار وہ باقی صوبوں کے برابر آ جائے ۔ اس کے بعد ٹھیک ہے جو دوسرے طریقے ہوں فنڈز تقسیم کرنے کے لیکن ایک دفعہ اس کو at par لانا ہوگا اور وہاں کے جو تمام projects ہیں یعنی وہاں جو کام ہو رہا ہے تو پہلے وہاں مقامی لوگوں کو tenders میں' ٹھیکیداری میں' NHA اور دوسرے محکمے ان کو ترجیح دیں ۔ایک ایسی کمپنی کو لایا گیا ہے جس نے قلات سے کوئٹہ تک سڑک بنانی تھی لیکن وہ نہیں بن رہی۔ ہب سے لے کر لسبیلہ تک سڑک نہیں بنی رہی' ساری سڑک ٹوٹی ہوئی ہے حالانکہ ہم نے کئی دفعہ آواز اٹھائی ہے کہ اس پر توجہ دی جائے ۔ اگر وہاں کے مقامی لوگوں کو اس میں ڈالا جائے تو وہاں کام ہو گا۔

جناب والا! زرعی قرضوں کے متعلق ایک مسئلہ ہے جو آپ کے نوٹس میں بھی ہے۔ یہ بہت بڑا burning issue ہے۔ یہاں تو کروڑوں' اربوں روپے کے قرضے لوگوں کے معاف ہوتے ہیں وہاں تو دو' چار' پانچ لاکھ سے زیادہ قرضہ کسی کا نہیں اور وہ چھوٹے کاشتکار ہیں' اس مسئلے کے حل کے متعلق پہلے بھی اعلانات کیے گئے لیکن ان پر عملدرآمد نہیں ہوا تو اس پر عملدرآمد کیا جائے۔

جناب والا! بجلی کے بحران کے متعلق عرض کروں گا' راجہ پرویز اشرف صاحب بھی بیٹھے ہوئے ہیں' ان کو بھی پتا ہے کہ بلوچستان میں تو اٹھارہ اٹھارہ گھنٹے بجلی کی لوڈشیڈنگ without any scheduled programme ہوتی ہے - اس کو scheduled programme پر لایا جائے۔ زمیندار جو ٹیوب ویل چلاتے ہیں جیسا کہ اس دن بادینی صاحب نے کہا کہ ہماری water supply بجلی پر ہے' آٹے کی چکی بجلی پر ہے تو بجلی مہیا کی جائے تاکہ ایسا نہ ہو کہ لوگوں کھانا اور پانی بھی نہ ملے۔ ان معروضات کے ساتھ ہمیں وزیر اعظم صاحب سے قوی امید ہے کہ وہ بلوچستان کے مسائل کے بارے میں تمام لوگوں سے مشاورت کریں گے نہ کہ چند مخصوص افراد یا علاقوں سے چونکہ یہ بلوچستان کا مسئلہ ہے' تاکہ یہ حل ہو۔ ان معروضات کے ساتھ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: میڈم آغا پری گل۔

سینیٹر آغا پری گل: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب والا! سب سے پہلے میں اپنے اچھے دوست اور colleague وزیر اعظم پاکستان جناب یوسف رضا گیلانی صاحب کو خوش آمدید کہتی ہوں اور دعا کرتی ہوں کہ اللہ تعالیٰ انہیں پاکستان کے لیے ایک نیک شگون ثابت کرے اور اچھے ثابت ہوں اور پاکستان کے عوام کی خدمت کریں کیونکہ میں ان کو شروع ہی سے جانتی ہوں' یہ میرے colleague بھی رہے ہیں - یہ بہت ہی اچھے انسان ہیں' اتنے اچھے کہ میں بتا نہیں سکتی مگر افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ چھ ماہ گزر گئے ہیں اور چھ ماہ کے بعد آج پہلی دفعہ یہ سینیٹ میں تشریف لائے ہیں کیونکہ سینیٹ بیچارہ اتنا بے سہارا ہے کہ اس کے سر پر کوئی ہاتھ رکھنے والا ہی نہیں ہے - ہم جب بھی روتے ہیں تو کوشش کرتے ہیں کہ کس کو فریاد سنائیں' اللہ تعالیٰ کے بعد اور کوئی فریاد سننے والا نہیں ہے۔

جناب چیئرمین! میں وزیر اعظم صاحب کی توجہ سب سے پہلے اس طرف دلانا چاہتی ہوں کہ یہ سب سے پہلے بلوچستان کا operation بند کریں جب آپ بلوچستان گئے تو وہاں پر وعدے کیے کیونکہ جب تک بلوچستان میں operation بند نہیں ہوگا' وہاں پرسکون نہیں ہوگا۔ اس وقت بلوچستان کے امن و امان کے حالات اتنے خراب ہیں کہ میں آپ کو بتا نہیں سکتی۔ ان

پر کنٹرول کیا جائے۔

دوسری ضروری بات یہ عرض کرنا چاہتی ہوں جیسا کہ ہمارے وقفہ سوالات میں بتایا گیا ہے کہ چھ یا سات ہزار اسامیوں میں سے صرف 38 بلوچستان کے لوگوں کو دی گئی ہیں۔ وہ بھی انہیں کلرک اور چپراسی کی اسامیوں پر لگایا گیا۔ جناب والا! یہ بلوچستان کے ساتھ بہت بڑا ظلم ہے ۔ آپ لوگ کہتے ہیں کہ بلوچستان کے لوگ لڑنے مرنے کو آتے ہیں تو کیوں نہ آئیں جبکہ سات ہزار اسامیوں میں آپ ہمیں چھتیس یا اڑتیس اسامیاں دیتے ہیں اور وہ بھی چھوٹی چھوٹی سطح پر۔ جناب وزیر اعظم صاحب آپ لکھنا بند کریں اور میری طرف توجہ دیں---

**جناب قائم مقام چیئرمین:** آپ جو points raise کر رہی ہیں وہی تو لکھ رہے ہیں۔ آپ کی طرف دیکھیں یا points لکھیں ایک کام ہو سکتا ہے۔

**سینیٹر آغا پری گل:** جناب وزیر اعظم صاحب! آپ میری باتیں غور سے سنیں ۔ ایک اور ظلم بھی ہمارے بلوچستان کے لوگوں کے ساتھ ہوتا رہا ہے کہ ہمارے بائیس گریڈ کے لوگ جب اسلام آباد آتے ہیں تو ان کو دوبارہ OSD بنا کر بلوچستان بھیج دیا جاتا ہے۔ یہ بھی ظلم ہے، اس کو بھی ختم کرنا چاہیے ۔

جناب والا! میں گزشتہ چھ ماہ سے بولتی چلی آ رہی ہوں کہ بلوچستان میں بجلی کی لوڈ شیڈنگ کا بہت بڑا بحران ہے۔ ہم وزیر بجلی و پانی کو بھی کہتے رہے ہیں لیکن وہ بے چارے کیا کریں کیونکہ یہ لمبا کام ہے تو میں وزیر اعظم صاحب سے درخواست کروں گی کہ آپ زیادہ لوڈ شیڈنگ کو ختم کرائیں۔ یہ لوڈشیڈنگ بلوچستان کے لیے بہت بڑا عذاب ہے خاص طور پر زمینداروں کے لیے کیونکہ وہاں سب زمینداری بجلی پر ہو رہی ہے۔

جناب وزیر اعظم صاحب! میں آپ سے ایک اور درخواست کرتی ہوں کہ خدا کے لیے پیٹرول مزید مہنگا نہ کریں۔ اس وقت پیٹرول بہت زیادہ مہنگا ہے اور اس پر آپ لوگوں سے کنٹرول نہیں ہو رہا اور مہنگائی اس قدر زیادہ ہے کہ اس وقت کوئٹہ میں ایک روٹی بیس روپے میں فروخت ہو رہی ہے۔ جناب وزیر اعظم آپ ایک عوامی نمائندے ہیں، آپ لوگوں نے عوام کے ساتھ روٹی، کپڑے اور مکان کا جو وعدہ کیا ہے وہ روٹی تو لوگوں کے بس سے اتنی زیادہ باہر

ہوگئی ہے کہ وہ بیس روپے کی ایک روٹی خرید بھی نہیں سکتے۔ میں اپنے وزیر اعظم صاحب سے یہ درخواست کروں گی کہ پاکستان کے لوگوں کو بہت زیادہ تکالیف اور پریشانیاں ہیں' اللہ تعالیٰ کا واسطہ ہے کہ ان پریشانیوں کو ختم کیا جائے۔

جناب والا! آپ لوگ ججوں کو جو قسطوں میں بحال کر رہے ہیں' جناب وزیر اعظم صاحب! ججوں کو قسطوں میں بحال نہ کریں' ایک ہی دفعہ بحال کریں تاکہ پاکستان کے عوام کی جان چھوٹے جو کہ ان ججوں کی وجہ سے مشکلات میں پھنسے ہوئے ہیں کیونکہ پریشانی ہے اور پاکستان میں انصاف نہیں ہے اوپر دیکھیں اللہ تعالیٰ انصاف کرنے والا ہے نیچے ایک ہی پاکستان میں چیز ہے جو صحیح معنوں میں انصاف کرتا ہے وہ عدلیہ ہے۔ اگر ان میں بھی اس طرح قسطوں میں کام کیا جائے تو میں درخواست کرتی ہوں کہ تمام ججوں کو بحال کریں تاکہ یہ مسئلہ حل ہو اور پاکستان صحیح طریقے سے چل سکے۔

جناب والا! آخر میں وزیر اعظم صاحب کو بتانا چاہتا ہوں کہ یہاں بلوچستان کے بچوں کو جب نوکری دی جاتی ہے تو اس کے بعد ان کو او ایس ڈی بنایا جاتا ہے۔ یہ بھی ظلم ہے کیونکہ آپ لوگوں نے روزگار کا وعدہ کیا ہے۔ آپ نے عوام کے ساتھ وعدہ کیا ہے کہ میں آپ لوگوں کو روزگار دوں گا مگر یہ کتنے افسوس کی بات ہے کہ ان کو ایک دم OSD بنا دیا۔ یہ بھی ظلم ہے۔ اس کو ختم کیا جائے۔ یہ تو نہیں ہے کہ لوگوں کو OSD بنائیں اور آپ کی پارٹی کے لوگوں کو دوبارہ انہی نوکریوں پر لگایا جائے۔ جناب وزیراعظم صاحب! یہ بھی بہت بڑی زیادتی ہے۔ آپ کسی کو روزگار سے نہ نکالیں۔

اور میں آخر میں آپ کے لئے دعا کروں گی کہ آپ کو اللہ تعالیٰ اپنے وعدوں پر قائم رکھے تاکہ آپ لوگوں نے غریب عوام کے ساتھ جو وعدہ کیا ہے اس پر آپ پورا اتریں۔ میں آخر میں آپ کے لئے دعا گو ہوں۔ اب جتنے بھی میرے یہ points ہیں' آپ ان کا صحیح طور پر جواب دیں گے۔ یہ نہیں ہے کہ کوئی point رہ جائے پھر میں آپ سے ناراض ہو جاؤں گی۔

جناب قائم مقام چیئرمین: نہیں' وزیر اعظم سے ناراض نہیں ہوتے۔

سینیٹر آغا پری گل: اور میں یہی سمجھوں گی کہ جس طرح دوسرے لوگ آتے رہے

جاتے رہے اور وعدے کرتے رہے۔ یوسف رضا گیلانی تو وعدوں کا بڑا پابند ہے۔ ہمیں آپ پر فخر ہے۔ آج تھوڑا سا اچھا order کرکے جائیں تاکہ ڈیسک بجا بجا کر ہمارے ہاتھ بھی تھک جائیں۔ شکریہ۔

جناب قائم مقام چیئرمین: کچھ اور لوگ بات کرنا چاہتے تھے۔ آپ اجازت دیں کہ Now, the Floor is over to the Prime Minister of Pakistan. وزیر اعظم صاحب کو Floor دیا جائے۔

(اس موقع پر اراکین نے ڈیسک بجائے)

Speech of the Prime Minister of Pakistan

سید یوسف رضا گیلانی (وزیراعظم پاکستان): جناب چیئرمین! میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے موقع فراہم کیا ہے کہ میں تمام parliamentary parties جو سینیٹ میں ہیں ان کے leaders کے خیالات سن سکوں اور اپنے خیالات کا اظہار بھی کر سکوں۔

چیئرمین صاحب! سب سے پہلے سینیٹ جو Upper House ہے اس کی افادیت' اس کی importance کی میں وضاحت کرنا چاہتا ہوں کہ کسی ممبر سینیٹ کے دل میں یہ نہیں ہونا چاہیے کہ خدا نخواستہ اس کی priority جو ہے اس کو ہم کم سمجھتے ہیں۔ جو founding father تھے Constitution 1973 کے انہوں نے---- جب یہی آج بلوچستان کی بات ہوئی' یہی آپ نے دیکھا کہ NWFP پختونخواہ کی بات ہوئی اور یہی آپ نے دیکھا کہ جب سندھ کے پسماندہ علاقوں کی بات ہوئی تو اس وقت ان کے ذہن میں بھی تھا کہ یہ پسماندگی ہے احساس محرومی ہے' اس کو Constitution میں after the fall of Dhaka ان کو یہ لازماً کرنا پڑا کہ یہ جو ایک تاثر تھا کہ پنجاب ایک بڑا صوبہ ہے اور اس کی بالادستی کی وجہ سے چھوٹے صوبوں میں احساس محرومی ہے۔ تو 1973 کے آئین میں جب unicameral system تھا' اس کو bicameral system کرنا پڑا۔ Bicameral system ہی کی بنیاد پر آج آپ دیکھیں کہ کسی آمر کی' کسی elected Prime Minister کی جرأت نہیں ہو سکتی کہ کوئی amendment Constitution میں کرے اور چھوٹے صوبوں کی حمایت کے بغیر کر دیں۔ یہ ہو نہیں سکتا اس لئے equal representation ہے۔ ہر صوبے کی equal representation ہے اور میں بطور بڑے

صوبے کے اور بڑے بھائی کی حیثیت سے آپ سے یہی گزارش کروں گا کہ آپ کو یہ احساس نہیں ہونا چاہیے کہ آپ کے کسی قسم کے rights کو usurp کیا جائے یا آپ کے rights کو نظر انداز کیا جائے۔ اس بات پر آپ کی سوچ بھی نہیں آنی چاہیے۔ آج آپ دیکھیں صوبہ بلوچستان کی بات ہو رہی ہے۔ اگر پنجاب کے ۶ ووٹ ہوں گے تو صوبہ بلوچستان کا ایک ووٹ پنجاب کے ۶ ووٹوں کے برابر ہوگا' کیونکہ جب صدر کا انتخاب بھی ہوگا تو اس میں بلوچستان کی جو حیثیت ہوگی وہ سب سے زیادہ ہوگی۔ تو اس لئے ہر صوبے کی equal representation ہے اور سینیٹ میں بھی برابر ہے۔ جب کوئی فیڈریشن کی بات ہوگی' President کی بات ہوگی تو اس میں بھی ان کا ووٹ برابر ہے۔ تو اس لئے اس کی اہمیت بھی برابر ہے۔ اس لئے اس پر دو رائے نہیں ہوسکتی کہ افادیت ختم ہوسکتی ہے۔ اس کی ایک مثال ہے۔ میری جب former President Musharraf sahib سے بات ہوئی تو میں نے ان سے کہا کہ آپ اپنی constituency میں کب آئیں گے؟ تو انہوں نے کہا کہ کونسی constituency? تو میں نے کہا کہ Parliament میں نے کہا کہ

according to the Constitution of Pakistan, on the commencement of each Parliamentary year he is to address the Parliament.

تو میں نے کہا کہ آپ آئیں اپنی constituency میں اور آپ پارلیمنٹ کو address کریں۔ یہی آپ کی constituency ہے۔ تو میں صرف آپ سے یہ سوال کرنا چاہتا ہوں کہ جو mandatory ہے' جو یہ نہیں کہ optional ہے' آئین کے رو سے اسمبلی سے صدر کا خطاب کرنا لازم ہے اور صدر کو یہ خطاب کرنا چاہیے۔ Whether he likes it or whether he dislikes it. تو میں آپ کو assure کرتا ہوں کہ PPP کے جو صدر ہوں گے وہ احترام کریں گے اور Joint sitting according to the Constitution of Pakistan address کیا کریں گے۔

(اس موقع پر اراکین نے ڈیسک بجائے)

میں تقریباً ۶ مرتبہ اسمبلی کا ممبر رہا ہوں۔ اس سے ہٹ کر چیئرمین ضلع کونسل بھی رہا ہوں۔ سپیکر قومی اسمبلی بھی رہا ہوں۔ ۵ دفعہ فیڈرل منسٹر بھی رہا ہوں۔ وائس چیئرمین of the

PPP بھی رہا ہوں۔ ایک مرتبہ مجھے acting President بھی بننا پڑا اور آج میں Prime Minister ہوں، مگر میں سمجھتا ہوں کہ ہم عوام میں سے ہیں اور عوام میں ہم نے پھر بھی جانا ہے۔ ہم کوئی یہ نہیں کہ one time politics کر رہے ہیں کہ جو وعدے کریں گے ان کو بغیر پورے کئے واپس چلے جائیں گے اور پھر واپس نہیں آئیں گے تو اس لئے اگر ہمیں ہر مرتبہ عوام کامیاب کر دیتی ہے تو اس کا مطلب ہے کہ ہم کچھ نہ کچھ وعدے پورے کرتے ہوں گے۔ وعدے پورے کئے بغیر کون آپ کو elect کرتا ہے؟ تو اس لئے PPP کی جو politics ہے یہ آج کی politics نہیں ہے۔ یہ شہید ذوالفقار علی بھٹو کی politics ہے۔ انہوں نے for the first time one man one vote کا concept دیا اور انہوں نے کہا کہ طاقت کا سرچشمہ عوام ہیں۔ اس وقت سے عوام کے حقوق کی جنگ، وہاں سے انسانی حقوق کی جنگ، وہاں سے خواتین کے حقوق کی جنگ اور وہاں سے اقلیتوں کے rights کی جنگ چلتی آ رہی ہے اور چھوٹے صوبوں کو احساس محرومی ہے تو ان کو compensate کرنے کی جو جنگ ہے، اس جنگ میں اس وقت سے لے کر آج تک PPP کے ہزاروں کارکن شہید ہوئے ہیں۔ ہزاروں کارکن اس جمہوریت کے لئے، اس 1973 کے آئین کی بقا کے لئے اور ان اداروں کے تقدس کے لئے قربان ہوئے۔ حتیٰ کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو نے بھی اپنی جان قربان کر دی اور محترمہ بے نظیر بھٹو کو معلوم ہوتے ہوئے بھی کہ ان کو خطرہ ہے مگر پھر بھی وہ آئی اور عوام کے حقوق کی جنگ لڑتی رہی۔

یہاں پر بہت سی باتیں کی گئیں۔ یہاں institutions کے rights کی بات کی۔ یہاں Parliament کی sovereignty کی بات کی۔ میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ 1973 کے آئین کے لئے ---- یہ میں آپ سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ اگر ہم نے ۵ سال جیل کاٹی تو وہ وزیر اعظم بننے کے لئے تو نہیں کاٹی۔ ہم نے اگر جیلیں کاٹی تھی تو عوام کے حقوق کے لئے کاٹی تھیں۔ آئین کی بحالی کے لئے کاٹی تھیں۔ ہم چاہتے تھے اور آمریت کے خاتمے کے لئے ہم نے کاٹی تھیں۔ ہم کسی ذات کے خلاف نہیں ہیں۔ ہم کسی نام کے خلاف نہیں ہیں۔ ہم نظام کے خلاف تھے۔ ہم نظام کی تبدیلی چاہتے تھے۔ ہم چاہتے تھے کہ اس ملک میں نظام کی تبدیلی آنی چاہیے اور آپ نے دیکھا کہ وہ حکمت عملی جو بے نظیر بھٹو صاحبہ نے بنائی اس کے ذریعے آپ

نے دیکھا کہ اس ملک میں elections ہوئے ہیں اور nearer to free and fair elections ہوئے۔ میں یہ نہیں کہتا کہ free and fair elections ہوئے' میں یہ کہتا ہوں کہ nearer to free and fair elections ہوئے جو کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی demand تھی۔ ہماری demand تھی کہ اس ملک میں صاف اور شفاف انتخابات ہوں۔ چونکہ ہمیں شرمندگی ہوتی ہے جب آپ یہ کہتے ہیں کہ دھاندلی ہوگئی۔ باقی دنیا میں تو کوئی نہیں کہتا۔ یہاں پاکستان میں کہتے ہیں کہ دھاندلی ہوگئی۔ میں آپ کو lighter mood میں ایک بات بتانا چاہتا ہوں کہ جب میں جیل میں تھا تو اس وقت referrendum ہو رہا تھا' دوسرے دن میں نے جیل میں پڑھا کہ ہمارے سپرنٹینڈنٹ جیل کو بڑے انعام سے نوازا جا رہا ہے' چونکہ پانچ ہزار قیدی تھے اور پانچ ہزار کے پانچ ہزار نے مشرف صاحب کو ووٹ دیا۔ میں نے پوچھا میرا ووٹ کہاں ہے تو انہوں نے کہا کہ آپ کا ووٹ بھی چلا گیا۔ اس قسم کی credibility نہیں ہونی چاہیے۔ Credibility ہونی چاہیے ووٹ کے تقدس کی اور ووٹ کا تقدس ہونا چاہیے اور میں آپ کو ensure کروں گا independent Election ایسا ہوگا ۔ independent Election Commission کہ وہ جب چاہے گا کہ اگر کوئی anomaly ہوگی' کوئی flaw ہوگا' چاہے وہ وزیراعظم کے اپنے حلقے میں ہی کیوں نہ ہو تو اس کو اجازت ہوگی کہ وزیراعظم کو election نہ لڑنے دے۔ جیسے ہندوستان میں ہوتا ہے۔

یہاں بات ہو رہی تھی احتساب کی۔ میں آپ سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس سے زیادہ کیا زیادتی ہوسکتی ہے' یہ double jeopardy ہے کہ مجھے NAB ہی کی سزا ملی اور آج میں NAB کا انچارج بھی ہوں۔ یہ بتائیں اس سے بڑی زیادتی میرے ساتھ کیا ہوسکتی ہے اور میں نے اسی وقت Law Minister کو کہا کہ میں یہ نہیں رکھنا چاہتا اپنے پاس کیونکہ accountability بہت sensitive معاملہ ہے۔ Accountability اور انصاف میں بہت باریک line ہے۔ اس لیے ہم نہیں چاہتے کہ انتقام اور احتساب mixed up ہوجائے۔ لہٰذا میں نے Ministry of Law کو کہا ہے کہ اس ادارے کو Executive سے ہٹا دیا جائے اور ساتھ یہ بھی کہا ہے کہ آپ legislation کریں اور آپ لوگوں کی مشاورت سے کریں۔ مشاورت سینیٹ سے کریں' قومی اسمبلی سے کریں' آپ کی جو کمیٹیاں ہیں ان کو effective بنائیں۔ ان کمیٹیوں میں debate

کریں، پورے world کا tour کریں اور ایسا ایک احتساب کا ادارہ بنائیں جس پر کوئی انگلی نہ اٹھا سکے۔ جب کسی کو سزا ملے تو وہ یہ نہ کہے کہ جی میرے ساتھ انتقامی کارروائی ہو رہی ہے۔ اس لیے میں وزیر قانون کو یہ ہدایات دی ہیں کہ وہ اس کی legislation کریں۔

